unicef
per ogni bambino

Finanziato dall'Unione Europea




# تعلیمی اور پیشہ ورانہ واقفیت کے لیے راہنما کتاب

اٹلی میں اکیلے غیر ملکی نابالغوں،
نوجوان مہاجرین اور پناہ گزینوں کے لیے

unicef per ogni bambino

Finanziato dall'Unione Europea

وزارت برائے لیبر و سماجی پالیسیاں کی زیرِ سرپرستی

MINISTERO del LAVORO e delle POLITICHE SOCIALI

یونیسف یورپ اور اٹلی میں وسطی ایشیا کے علاقائی دفتر کی طرف سے ترمیم شدہ (سارہ مارٹیلی، صوفیہ بیناسیلا، ایلینا لوکاٹیلی، لوڈوویکا بارباتو)

© یونائیٹڈ نیشنز چلڈرنز فنڈز (UNICEF)، 2024

# مشمولات


| | |
|---|---|
| تعارف | 2 |
| اکیلے غیر ملکی نابالغوں کے لئے | 5 |
| 1. تربیتی راستہ کیا ہے؟ | 7 |
| 2. اٹلی میں تعلیمی اور تربیتی راستے | 10 |
| 2.1. اگر آپ کی عمر 14 سال سے کم ہے | 12 |
| 2.2. اگر آپ کی عمر 14 سال سے زیادہ ہے | 13 |
| 2.3 "Licenza Media" حاصل کرنے کے بعد | 14 |
| 3. تربیتی راستوں کی اقسام | 16 |
| 4. تربیت اور ملازمت کی تلاش کے لئے مشورہ | 30 |
| 5. کم از کم تقاضے اور ضروری دستاویزات | 32 |
| 6. پیشہ ورانہ مقصد | 35 |
| 7. مہا رتوں کا جائزہ | 37 |
| 8. ملازمت کی پیشکش کا جواب دینا | 42 |
| 9. کارکنوں کے حقوق | 46 |
| 10. کنٹریکٹ کے بغیر کام کرنے کے خطرات | 49 |
| 11. مساوی مواقع اور عدم امتیاز کا اصول | 50 |
| 12. مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ | 53 |
| ضمیمہ 1 - "Europass" Curriculum Vitae | 55 |
| ضمیمہ 2 – اب آپ کی باری ہے! | 61 |

# تعارف

## ملازمتوں کی مارکیٹ ایک ہمیشہ بڑھتی ہوئی شرح سے مسلسل تبدیل ہو رہی ہے

سکول سے کام کی دنیا میں منتقلی میں تعلیمی اور پیشہ وارانہ راہنمائی بہت ضروری ہوتی ہے کیونکہ یہ نوجوان لوگوں کو اپنے پیشہ وارانہ مقاصد طے کرنے اور ملازمت کے حصول میں سہولت دیتی ہے۔ اکیلے غیر ملکی نابالغوں کے لیے تعلیمی اور پیشہ ورانہ راہنمائی سمیت تعلیمی سرٹیفکیٹ درج ذیل مقاصد کے لیے اہم ہیں:

- **جاننا کہ لازمی تعلیم** اور تربیت لینے کے لیے کیا ضروری ہے؛
- **اٹلی کی لیبر مارکیٹ** میں نئی رکاوٹوں اور مواقع کو سمجھنا؛
- **سابقہ مہا رتوں اور اہلیتوں کا تسلیم شدہ** کیسے حاصل کرنا؛
- اپنی **مہا رتوں، دلچسپیوں اور پیشہ ورانہ خواہشات** سے واقف ہونا؛
- یہ جاننا کہ ملازمت حاصل کرنے کے لیے کون سے **انتظامی طریقۂ کار اور دستاویزات** ضروری ہیں؛
- **ملازمت کے حصول** کے بارے میں باخبر انتخابات کرنے کے قابل ہونا۔

**ملازمت کے متلاشی افراد کو لازمی طور پر ان نئی مہارتوں سے واقف ہونا چاہیے جو فائدہ مند ہیں اور کام کی دنیا میں مطلوب ہیں۔**

مزید برآں ہر شعبے کے لیے مخصوص **تکنیکی مہا رتوں** کے علاوہ، بیشتر ملازمتیں مزید «**شخصی» مہارتوں** جیسا کہ ٹیم ورک، تنقیدی سوچ، مسئلہ حل کرنا، ابلاغ اور گفت و شنید کی مہارتوں کا تقاضا کرتی ہیں۔ **ڈیجیٹل مہارتوں** کی ضرورت بھی بڑھتی جا رہی ہے، اس کے علاوہ ابھرتی ہوئی مصنوعی ذہانت کے ساتھ نئی مشکلات اور مواقع کو بھی سامنے رکھنا۔

**کام کی دنیا میں تازہ ترین تبدیلیوں اور نئے پیشوں اور ابھرتے ہوئے شعبوں سے باخبر رہنا ضروری ہے۔**

مثال کے طور پر، موسمیاتی تبدیلی نے بڑھتی ہوئی حد تک اس بات کو اجاگر کیا ہے کہ «ماحول دوست» میں سرمایہ کرنے کی ضرورت ہے۔ یہاں "**ماحول دوست**" سے مراد ماحولیاتی طور پر پائیدار معاشرے کے قیام، تشکیل اور اس کی معاونت کے لیے درکار علم، مہارتوں، اقدار اور رویوں کا مجموعہ ہے۔ بین الاقوامی لیبر تنظیم (ILO) کے مطابق، **ماحول دوست منتقلی** کے نتیجے میں 2030 تک دنیا بھر میں ۸,٤ ملین ملازمتیں (ماحول دوست ملازمتیں جیسے کہ فوٹو وولٹک پینل انسٹالر، فضلے کے انتظام اور ری سائیکلنگ کے ماہرین، ذیلی حاصلات سے پاک کھانا بنانے میں ماہر باورچی، مواصلات اور ماحول دوست مارکیٹنگ کے افسران، وغیرہ) پیدا ہوں گی۔

**ماضی میں حاصل کی گئی مہا رتوں اور آبائی ملک میں حاصل کی گئی قابلیتوں کی قدر کرنا ضروری ہے۔**

پہلے سے موجود قابلیتوں کو تسلیم شدہ اہلیت میں تبدیل کرنے کے بارے میں جاننا اور اٹلی میں آنے سے پہلے حاصل کی گئی مہارتوں کو بڑھانا بہت ضروری ہے تاکہ **قیمتی وقت کے ضیاع سے بچنے اور اعلیٰ تعلیمی کورسز یا ملازمت تک جلد رسائی حاصل کرنے میں مدد مل سکے۔**

## تعلیمی اور پیشہ وارانہ واقفیت کا راہنما کتابچہ کیا ہے؟

یہ تعلیم جاری رکھنے اور ملازمت کے حصول کے پیش نظر فراہم کی جانے والی تربیت کے مواقع تک رسائی حاصل کرنے پر ایک راہنما کتاب ہے۔ اس کا مقصد اٹلی میں اکیلے پہنچنے والے نابالغ اور نوجوان تارکین وطن اور مہاجرین کو لیبر مارکیٹ میں شامل ہونے کے بارے میں راہنمائی فراہم کرنا ہے۔

## یہ راہنما کتاب کس کے لیے تیار کیا گیا ہے؟

- اٹلی میں تنہا غیر ملکی نابالغ اور نوجوان تارکین وطن اور پناہ گزین؛
- رضاکار سرپرست، تارکین وطن کی اداروں میں آپریٹر، اساتذہ اور متعلقہ تمام بالغ شخصیات۔

## اس کے مقاصد کیا ہیں؟

- تعلیم جاری رکھنے اور/یا ملازمت کے حصول کے مقصد سے **تعلیمی اور تربیتی راستوں** پر مفید معلومات فراہم کرنا؛
- ایک فرد کی **مہارتوں** کو بڑھانے اور اس کے **پیشہ وارانہ مقاصد** طے کرنے میں راہنمائی فراہم کرنا؛
- اٹلی میں باقاعدہ ملازمت تلاش کرنے اور حاصل کرنے کے لیے **کم از کم تقاضے اور دستاویزات** کا خاکہ پیش کرنا؛
- **سی وی (CV) تیار کرنے اور ملازمت کی درخواست دینے کے لیے** مفید مشورے دینا؛
- **مزدوروں کے حقوق اور معاہدے کے بغیر ملازمت کے خطرات** کے متعلق آگاہی پھیلانا۔

**براہ مہربانی نوٹ کریں**

ہدایت نامے میں، سکولوں کے متعلق کچھ بیانات کو مخففات کے ذریعے آسان بنایا گیا ہے، ایسا یا تو اس لیے کیا گیا کہ عام طور پر یہ دہرائے جانے والے اور نوجوانوں کی طرف سے سمجھے جاتے ہیں یا پھر حصے میں جگہ بنانے کی غرض سے ایسا کیا گیا ہے۔ مندرجہ ذیل چند مثالیں ہیں:

- ادنیٰ ثانوی اسکول "مڈل اسکول"
- اعلیٰ ثانوی اسکول: "ہائی اسکول"
- تعلیم کے پہلے مرحلے کا اختتامی ڈپلومہ: "مڈل سکول سرٹیفکیٹ"
- دوسرے تعلیمی مرحلے کا اختتامی ڈپلومہ: "ہائی اسکول ڈپلومہ"

# اکیلے غیر ملکی نابالغوں کے لئے



## مجھے پیشہ ورانہ واقفیت کے لیے راہنما کتاب کی ضرورت کیوں ہے؟

اگر آپ تنہا غیر ملکی نابالغ یا ایک نوجوان تارکِ وطن یا پناہ گزین ہیں اور آپ استقبالیہ مرکز کی سہولت میں ہیں، تو یہ راہنما کتاب آپ کو یہ سمجھنے میں مدد کرے گی کہ **جاب مارکیٹ میں کس طرح چلیں** اور **ملازمت کے تعین کے لیے تربیتی** راستہ کیسے ہموار کریں۔



## میں فوراً کام کیوں نہیں کر سکتا؟


اٹلی میں، بطور نابالغ آپ صرف اس صورت میں کام کر سکتے ہیں اگر:

- آپ کی **عمر 16** سال ہے *
- آپ نے لازمی تعلیم حاصل کی یا آپ نے کم از کم دو سال کی اپرنٹس شپ مکمل کی ہو


اگر آپ کی عمر 14 سال ہے تو آپ کو سرکاری سکول میں داخل ہو کر "مڈل سکول سرٹیفیکیٹ" حاصل کرنا پڑے گا، اور پھر پہلے دو سالوں میں آپ "ہائی سکول" میں داخل ہوتے ہیں، یہاں تک کہ آپ کی عمر 16 سال ہو جاتی ہے۔ دوسری طرف اگر آپ کی عمر 16 اور 17 سال کے درمیان ہے اور آپ کے پاس «مڈل سکول سرٹیفیکیٹ» نہیں ہے تو آپ پھر بھی کام نہیں کر سکتے، لیکن آپ «مڈل اسکول» یا کسی «کیچ اپ» سکول (سی پی آئی اے) میں داخلہ لے سکتے ہیں۔

* اٹلی میں، **15 سال کی عمر** سے ملازمت کرنا بھی ممکن ہے، **اپرنٹس شپ** کے معاہدے کے ذریعے تربیتی کورس کو فعال بنانے کی صورت میں، (آئینی حکم 2015/81 آرٹیکل۔ 43)۔

# نوکری تلاش کرنے کے لیے تربیتی کورس کیوں ضروری ہے؟



تربیتی کورسز آپ کو **کام کرنے کے دوران سیکھنے** اور مہارتیں - ہارڈ **مہارتیں اور سافٹ مہارتیں** - سیکھنے میں مدد دیتی ہیں جو آج کی کاروباری دنیا کی ضرورت ہیں۔ اس کے علاوہ، وہ آپ کو ایک دستاویز حاصل کرنے کے اہل بناتے ہیں (عام طور پر اسے **Attestato** کہا جاتا ہے)، جو آپ کی سرگرمیوں اور آپ کی حاصل کردہ مہا رتوں کی تصدیق کرتا ہے۔ اس سے آپ کے لیے **ملازمت تلاش کرنا اور حاصل کرنا** آسان ہو جائے گا!



# میں اپنے لیے موزوں ترین راستہ کیسے تلاش کر سکتا ہوں؟

**مختلف قسم کی تربیتی طرزیں** اور کیریئر کے لیے راہنما کورسز موجود ہیں۔ تمام معلومات جمع کرنے کے لیے وقت نکالنا ضروری ہے تاکہ آپ باخبر انتخاب کر سکیں۔


**...آپ اس راہنما کتاب سے شروع کر سکتے ہیں!**

اس راستے پر آپ کو اپنے لیے موزوں تفصیلات ملیں گی، اور یہ کہ آپ کو مطلوبہ دستاویزات اور براہِ راست مدد کے لیے کس سے رابطہ کرنا ہے۔

## مطالعہ سے لطف اندوز ہوں!

# 1. تربیتی راستہ کیا ہے؟

تربیتی راستہ پیروی کی ایک سڑک کی مانند ہے **جو شروعاتی نقطے** سے لے کر **انتہائی نقطے** تک پہنچتا ہے۔



**نقطہ آغاز یہ ہے:**

- وہ سب کچھ جو آپ جانتے ہیں، وہ قابلیت اور مہارت جو
- آپ نے اب تک حاصل کی ہیں؛
- جو تجربات آپ نے اب تک حاصل کیے ہیں؛
- آپ کی ذاتی خصوصیات؛
- آپ کی خواہشات۔



**آگے بڑھنے کی راہ کی وضاحت مندرضہ ذیل سے کی جاتی ہے:**

- تمام سرگرمیاں جو آپ انجام دیں گے؛
- وہ سب کچھ جو آپ سیکھیں گے؛
- ہر وہ چیز جو آپ کے مقصد کو حاصل کرنے میں آپ کے لیے مفید ہو گی۔



**اختتامی نقطہ:کی وضاحت مندرجہ ذیل سے کی جاتی ہے:**

- حاصل کردہ جدید علم، مہارتیں اور تجربات؛
- آپ کی اپنی تیاری کے بارے میں آگاہی؛
- ملازمت کی تلاش اور اس کے نتیجے میں کام کی دنیا میں داخلہ۔

اس مرحلے میں آپ کو **اپنی مہارتوں کا جائزہ** اور ذاتی خصوصیات کو جانچنا ہو گا۔ آپ کو اس بات کے بارے میں احتیاط سے سوچنے کی ضرورت ہو گی کہ آپ کس قسم کی ملازمت پسند کریں گے، آپ کیا کرنا چاہیں گے یا جو آپ پہلے سے جانتے ہیں کہ کیسے کرنا ہے۔




یہ راستے کارآمد ہیں کیونکہ یہ آپ **کو کیریئر کی راہنمائی اور تربیت** فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کو پیشے کے بارے میں تعلیم بھی فراہم کریں گے۔ اس تربیتی مدت کو یہ سمجھنے کے لیے استعمال کریں کہ آیا آپ نے جس راستے یا کام کا انتخاب کیا ہے وہ آپ کے لیے صحیح ہے۔

اس مرحلے پر آپ **اصل ملازمت کی تلاش** شروع کریں گے۔ آپ دوسروں کو یہ بتانے میں مدد کرنے کے لیے کہ آپ کون ہیں ایک ٹول کا استعمال کریں گے جسے **Curriculum Vitae** کہتے ہیں۔ آپ کو یہ جاننے کی ضرورت ہو گی کہ ملازمت کی صحیح پیشکش کا انتخاب کیسے کریں۔

# براہ مہربانی نوٹ کریں

آپ جس راستے پر چلنا چاہتے ہیں اسے منتخب کرنے کا عہد کریں۔

**تمہیں جتنا بھی وقت چاہیے لے لو!**

اگر آپ نے پہلے ہی تربیتی راستہ منتخب کر لیا ہے اور آپ کو لگتا ہے کہ آپ نے غلط انتخاب کیا ہے، تو فکر نہ کریں... **اپنے سرپرست، معلم یا استقبالیہ سہولت کے معاون سے بات کریں**، اور اپنے انتخاب کا دوبارہ جائزہ لینے کی اجازت مانگیں۔



# 2. اٹلی میں تعلیمی اور تربیتی راستے

تعلیم ہر فرد کا بنیادی حق ہے اور اس کا حصول ہر 18 سال سے کم عمر فرد کی ذمہ داری ہے۔

- یہ ایک حق ہے کیونکہ یہ **ذاتی ترقی**، ملازمت کے حصول اور **معاشرے میں شمولیت** کے لیے ضروری ہے
- یہ ایک فرض **ہے کیونکہ ہر کسی کے لیے لازمی تعلیم حاصل کرنا اور لیبر مارکیٹ تک رسائی کے لیے تربیت لینا ضروری ہے**

**حق تعلیم**

انسانی حقوق کا عالمی اعلامیہ (آرٹ۔ 26)

بچوں کے حقوق پر اقوام متحدہ کا کنونشن (آرٹ۔ 28)

اطالوی آئین (آرٹ۔ 34)

تنہا غیر ملکی نا بالغوں کے تحفظ کے لیے «زامپا قانون (Zampa Law)» (آرٹ۔ 14)

6 سے 16 سال کی عمر کے درمیان تمام نابالغ افراد کے لیے سکول میں داخلہ لینا لازمی ہے۔ یہ مفت ہے اور سال کے تمام اوقات میں **بغیر دستاویزات** کے بھی لیا جا سکتا ہے!

**سکول میں داخلے کے لیے، آپ کو اہم معلومات نیچے ملیں گی:**

1. آپ اپنے نزدیک ترین سکول کو اس ویب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں Scuola in Chiaro
https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola/

2. سکول میں داخلہ **مفت** ہے

3. آپ آن **لائن** یا براہ راست **سکول میں** اندراج کروا سکتے ہیں

4. آپ **سال بھر کے اوقات میں** داخلہ لے سکتے ہیں.

5. **دستاویزات نامکمل** ہونے یا **موجود نہ ہونے** کی صورت میں بھی آپ داخلہ لے سکتے ہیں

6. آپ اپنی **عمر کے مطابق** جماعت یا آپ کی مہارتوں کے پیش نظر آپ کو ایک درجہ چھوٹی یا بڑی جماعت میں داخل کر دیا جائے گا۔

7. **اگر آپ کے پاس یہ دستاویزات ہیں تو**، براہ مہربانی انہیں ساتھ لائیں (بصورت دیگر یہ کوئی مسئلہ نہیں):
شناخت؛ رہائشی اجازت نامہ یا اجازت نامے کی درخواست کی رسید؛ بیرون ملک تعلیم کے سرٹیفکیٹس

8. آپ بیرون **ملک حاصل کی گئی تعلیم** کو دو طریقوں سے تسلیم کروا سکتے ہیں:
”ڈکلیریشن آف ویلیو“ یا اسکول کی طرف سے مہارتوں کی تشخیص کے ذریعے

## 2.1. اگر آپ کی عمر 14 سال سے کم ہے

اگر آپ کی عمر 14 سال سے کم ہے تو آپ ایک مڈل اسکول ("scuola media") میں داخلہ لے سکتے ہیں جہاں سے آپ مڈل اسکول سرٹیفیکیٹ ("Licenza Media") حاصل کر سکتے ہیں۔

- مڈل سکول تین سال تک جاری رہتا ہے اور یہ لازمی ہے
- پڑھائے جانے والے مضامین کے علاوہ آپ اطالوی زبان سیکھنے کے لئے معاون کلاسیں لے سکتے ہیں
- کچھ سکولوں میں موسیقی کا کورس بھی ہوتا
- اپنے قریب ترین مڈل اسکول تلاش کرنے کے لیے اس ویب سائٹ پر جائیں: https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola/

### مڈل اسکول میں پڑھے جانے والے مضامین[1]

| | |
|---|---|
| سائنس | اطالوی |
| موسیقی | انگریزی اور دوسری غیر ملکی زبان |
| فنون کی تعلیم | تاریخ |
| جسمانی تعلیم | جغرافیہ |
| ٹیکنالوجی | ریاضی |

"مڈل سکول سرٹیفیکیٹ" کے بعد کی مزید معلومات کے لئے نیچے حصہ 2.3 پر جائیں۔

[1] https://unica.istruzione.gov.it/it/orientamento/guida-alla-scelta/dal-sistema-integrato-6-0-anni-al-secondo-ciclo-di-istruzione/scuola-secondaria-di-primo-grado

## 2.2. اگر آپ کی عمر 14 سال سے زیادہ ہے

اگر آپ کی عمر 14 سال سے زیادہ ہے اور آپ کے پاس "Licenza Media" نہیں ہے تو آپ سی پی آئی اے یا **Centro Provinciale per l'Istruzione degli Adulti** («صوبائی تعلیم بالغاں کے مرکز») میں داخلہ لے سکتے ہیں ۔

• سی پی آئی اے مختلف کورسز پیش کرتے ہیں جو آپ کو اطالوی زبان سیکھنے اور کام کی دنیا میں داخل ہونے کے لیے درکار بنیادی مہارت حاصل کرنے کے قابل بناتے ہیں۔
• اسکول میں، آپ اپنی تربیت کی ضروریات کی بنیاد پر اپنا ذاتی پی آئی ای یا Piano Educativo Individualizzato («انفرادی تعلیمی منصوبہ») بنانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔
• اپنے قریب ترین سی پی آئی اے تلاش کرنے کے لیے ، نیچے دیے گئے لنک کی پر جائیں اور «سی پی آئی اے» + اس شہر کا نام درج کریں جہاں آپ رہتے ہیں https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola/

سی پی آئی اے کی طرف سے پیش کیے جانے والے تعلیمی کورسز[2]

| نصاب | تفصیل |
|---|---|
| پہلا درجہ<br>پہلا تدریسی دور<br>(400 گھنٹے) | ثانوی تعلیم کے پہلے دور کی حتمی اہلیت حاصل کرنے کا ذریعہ (Licenza Media)۔ |
| پہلا درجہ<br>دوسرا تدریسی دور<br>(825 گھنٹے) | بنیادی مہارتوں کے حصول کی تصدیق کرنے والا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کا راستہ عام کورسز سے متعلق تمام پیشہ ورانہ اور تکنیکی انسٹی ٹیوٹ کورسز میں مشترک ہے۔ |
| اطالوی زبان اور خواندگی کا کورس<br>(180 گھنٹے) | غیر ملکی شہریوں کے لیے اطالوی زبان کا خواندگی کورس جو سادہ بنیادی اطالوی بولتے ہیں (A1-A2)۔ |
| ہنر میں اضافہ کرنے کا راستہ<br>(200 گھنٹے) | ادنیٰ ثانوی سکول (scuola secondaria di primo grado) کے اختتام پر علم اور مہارتیں حاصل کرنے کے راستے |
| ماڈیولر راستے | ہر تعلیمی سال کے آغاز میں مختصر ماڈیولر راستے (زبانیں، آئی ٹی، وغیرہ)۔ |

[2] CeSPI، هيئة المراقبة الوطنية للقاصرين الأجانب غير المصحوبين بذويهم في إيطاليا، التقرير الأول 2020.
https://miur.gov.it/documents/20182/0/Rapporto_MSNA_2020.pdf/55d13f7c-66ac-701d-e75c-d43e-e296cf3d?t=1616520134774

## 2.3. “Licenza Media” حاصل کرنے کے بعد

“Licenza Media” حاصل کر لینے کے بعد، دو راستے ممکن ہیں:

1

**پیشہ ورانہ تربیت کے راستے پر چلیں**
(پیشہ ورانہ تعلیمی تربیت - VET)

آپ مندرجہ ذیل میں سے منتخب کر سکتے ہیں:
- 3 سالہ یا 4 سالہ پیشہ وارانہ تعلیم اور تربیت کا کورس (وی ای ٹی)
- 3 سالہ اپرنٹس شپ

3 سال بعد آپ **پیشہ ورانہ اہلیت** حاصل کرتے ہیں
4 سال بعد آپ **پیشہ ورانہ ڈپلومہ** حاصل کریں گے

2

**ہائی اسکول میں اپنی تعلیم جاری رکھیں**
(Scuola Superiore)

آپ مندرجہ ذیل میں سے منتخب کر سکتے ہیں:
- ہائی اسکول
- تکنیکی ادارہ
- پیشہ وارانہ تعلیم کا ادارہ

5 سال بعد، آپ ہائی اسکول ڈپلومہ حاصل کرتے ہیں

QUALIFICA PROFESSIONALE
(پیشہ ورانہ اہلیت)
/
DIPLOMA PROFESSIONALE
(پیشہ ورانہ ڈپلومہ)
/
DIPLOMA DI MATURITÀ
(ہائی سکول سرٹیفکیٹ)

# جب ڈپلومہ یا اہلیت حاصل کر لی جاتی ہے، آپ کے لیے دو راستے کھل جاتے ہیں

## 1

### ملازمت کے حصول کا رستہ

مثال کے طور پر:
- ملازمت پر تربیت (انٹرن شپ، ٹرینی شپ، اپرنٹس شپ...)
- شہری خدمت (Servizio Civile Universale)
- مختصر مدتی پیشہ ورانہ کورس

ان راستوں کے اختتام پر آپ کو سرٹیفیکیٹ اور ٹرانسکرپٹس فراہم کئے جائیں گے۔

## 2

### ”یونیورسٹی“ (اعلیٰ تعلیم)

آپ مندرجہ ذیل میں سے منتخب کر سکتے ہیں:

- 3 سالہ یا 5 سالہ یونیورسٹی
- Istruzione Tecnica Superiore (آئی ٹی ایس) 2 یا 3 سال کی (اعلیٰ درجے کی تکنیکی تعلیم)
- Istruzione e Formazione Tecnica Superiore (آئی ایف ٹی ایس) ۱ سال کی (اعلیٰ تکنیکی تعلیم اور تربیت)

یونیورسٹی کے بعد آپ کو ڈگری (بیچلر یہ ماسٹر) حاصل کرنی ہو گی
آئی ٹی ایس اور آئی ایف ٹی ایس کے بعد آپ کو سرٹیفیکیٹ آف ہائیر ٹیکنیکل اِسپیشیالائزیشن حاصل کرنا پڑے گا



**ملازمت کا حصول**

# 3. تربیتی راستوں کی اقسام

- یہاں پر تربیت اور راستوں کی مختلف اقسام موجود ہیں۔
- اپنے لیے صحیح کا انتخاب کرنے سے پہلے، فرق کو سمجھنا ضروری ہے۔
- اس سے آپ کو یہ سمجھنے میں مدد ملے گی کہ ہر راستے سے کیا توقع کی جائے اور جب وہ مکمل ہو جائیں تو کس قسم کے مقاصد حاصل ہوں گے۔

## ایل ای ایف پی یا Istruzione e Formazione پشہ ورانہ راستے (پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت)

**ایل ای ایف پی کے راستے کیا ہیں؟** ایل ای ایف پی راستے پیشہ ورانہ کورسز ہیں جن کا مقصد طلباء کو پیشہ ورانہ تربیت دینا اور پھر انہیں تیزی سے ملازمت کی مارکیٹ میں ضم کرنا ہے۔ ایل ای ایف پی کورسز کی نگرانی علاقائی اور خود مختار صوبوں کے ذریعے کی جاتی ہے، جو کہ تسلیم شدہ تربیتی ڈھانچوں کے ذریعے فراہم کردہ مالیاتی کورسز کے لیے عوامی کالز جاری کرتے ہیں۔

**جگہ:** کورسز پیشہ ورانہ تربیتی مراکز میں منعقد کیے جا سکتے ہیں جنہیں Centri di Formazione Professionale (CFP) کہا جاتا ہے جو کہ خطوں سے منظور شدہ ہیں یا ذیلی حیثیت کی بنیاد پر Istituti Professionali di Stato (ریاستی پیشہ ورانہ ادارے) میں۔

**دورانیہ:** 3 یا 4 سال۔ پہلے دو سالوں کے بعد، طالب علم حاصل کردہ بنیادی مہارتوں کے سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دے سکتا ہے۔ تیسرے سال کے بعد، وہ پیشہ ورانہ اہلیت qualifica professionale کا سرٹیفکیٹ حاصل کر لیتے ہیں اور نوکری تلاش کر سکتے ہیں۔ صرف کچھ کورسز میں چوتھا سال ہوتا ہے، جسے (diploma professionale) ڈپلومہ پروفیشنل سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (تیسرے سال میں حاصل کی گئی اہلیت سے زیادہ ہوتا ہے)۔

**اہلیت:**
3 سال > Qualifica Professionale certificate
4 سال > Diploma Professionale certificate

**معاوضہ:** تربیتی واؤچر کورس کی لاگت کو پورا کرنے کے لیے فراہم کیے جاتے ہیں۔

**مزید معلومات کے لیے:** نیچے دیے گئے لنک پر جائیں اور «centro di formazione professionale» + اس علاقے کا نام ٹائپ کریں جہاں آپ رہتے ہیں
https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola

- ایل ای ایف پی کے راستے طلباء کو عملی سرگرمیوں کے ذریعے سیکھنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ ان میں کئی عملی مشقیں **اور ورکشاپ کی سرگرمیاں شامل ہیں۔**
- ایل ای ایف پی پیشہ ورانہ سرٹیفکیٹ (the qualifica and the diploma) **قومی اور یورپی سطح پر تسلیم شدہ ہیں۔**
- اگر آپ چاہیں تو، آپ ہائی اسکول میں **5ویں سال (اختیاری) بھی** کر سکتے ہیں (secondaria di secondo grado)، جو آپ کو ریاستی سرٹیفکیٹ(Diploma di Stato (Maturità حاصل کرنے کی اہلیت دے گا۔

## انٹرن شپ/ حصول

**انٹرن شپ/حصول کیا ہے:** انٹرن شپ ایک واقفیت اور تربیتی دورانیہ ہے جو کام کے تناظر میں انجام دیا جاتا ہے، جس کا مقصد انٹرن کو کام کی دنیا سے متعارف کرانا ہے۔
**یہ روزگار کا کنٹریکٹ نہیں ہے، بلکہ ایک راستہ ہے جس کا مقصد سیکھنے کو کام کے تجربے کے ساتھ جوڑنا ہے۔**
انٹرن شپ نصابی ہو سکتی ہے (آپ کے مطالعہ کے راستے کے نصاب کا حصہ)، **یا غیر نصابی** (صرف آپ کی تعلیم مکمل کرنے کے بعد شروع ہوتی ہے)۔

**غیر نصابی انٹرن شپ میں داخل ہونے کے لیے، فروغ کنندگان اور میزبان کے درمیان ایک معاہدہ ضروری ہے۔**

• **پروموٹر:** روزگار کے مراکز، روزگار کی ایجنسیاں، تربیتی مراکز، سرکاری اور نجی تربیتی ادارے، انجمنیں، غیر منافع بخش تنظیمیں، پیشہ ورانہ تربیتی ادارے، وغیرہ وغیرہ۔ ان تنظیموں سے رابطہ کر کے، آپ اپنے علاقے میں انٹرن شپ کے مواقع کی تازہ ترین فہرست حاصل کر سکتے ہیں۔ انٹرن شپ کے ابتدائی مراحل کے دوران، یہ ادارے **مہارتوں کی تصدیق** پر توجہ مرکوز کرتے ہیں اور ایسی **کمپنی** یا دیگر **میزبان** کو تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں **جو موزوں ترین انتخاب ہوتے ہیں۔**

• **میزبان:** کمپنیاں، پیشہ ورانہ مطالعہ، اسٹور، معاونین، وغیرہ۔ وہ تمام ادارے جن میں آپ انٹرن شپ مکمل کر سکتے ہیں۔ آپ فروغ کنندگان سے رابطہ کر کے تسلیم شدہ کمپنیوں کی فہرست حاصل کر سکتے ہیں۔

**دورانیہ:** متغیر (کم سے کم 2 ماہ، زیادہ سے زیادہ 12 ماہ)۔

**قابلیت:** تصدیق اور تربیتی پروگرام ۔

**معاوضہ:** غیر نصابی انٹرن شپ میں کم از کم معاوضہ 300 یورو شامل کرنا ہوتا ہے، جو آپ جس علاقے میں رہتے ہیں اس کے لحاظ سے بڑھ سکتا ہے۔

**مزید معلومات کے لیے:** روزگار کے مراکز، ملازمت کی ایجنسیاں، سرکاری اور نجی ادارے اور پیشہ ورانہ تربیت اور/یا واقفیت کے مراکز، پیشہ ورانہ ادارے، انجمنیں اور غیر منافع بخش تنظیمیں۔

• انٹرن شپ کے دوران آپ کو ایک **ایسے راہنما شخص** کو تفویض کیا جائے گا جو تربیت اور کام کے مراحل کے دوران آپ کی راہنمائی کرے گا۔
• **تربیتی پروگرام** بنانے کا مقصد متعلقہ **حقوق اور ذمہ** داریاں واضح کرنا ہوتا ہے۔
• آپ کو براہ راست آپ کے **کام کی جگہ** پر تربیت دی جائے گی، جو آپ کے **علم** میں اضافہ کرے گا ۔
• یہ راستہ **ملازمت یا پیشے کے ساتھ براہ راست مشغولیت** کا حامی ہے۔
• یہ **پیشہ ورانہ انتخاب** کے بارے میں **خود کو واقفیت** دینے میں راہنمائی فراہم کرتا ہے۔

## Borsa Lavoro پیش کرنے والے تربیتی راستے

**borsa lavoro (کام کی برسری) کیا ہے:** borsa lavoro (کام کی برسری) کیا ہےborsa lavoro ایک تربیتی ٹول ہے جس کا مقصد عملی تجربے کے ذریعے، نام نہاد «کمزور گروپوں» کو ملازمت کی مارکیٹ میں متعارف کرانے میں سہولت فراہم کرنا ہے، جنہیں ان کی شرکت کے بدلے میں انہیں ایک برسری (یعنی ادائیگی) کی پیشکش کی جاتی ہے ۔ بورسسٹا borsista یا برسری رکھنے والے کو اس ادارے کی طرف سے ادائیگی کی جاتی ہے جو کام کی برسری پیش کرتی ہے (اس کمپنی یا ادارے کی طرف سے نہیں جہاں کام کا تجربہ حاصل کیا جاتا ہے)۔

**فروغ کنندگان:** علاقہ، میونسپلٹی یا دیگر عوامی ادارے (فاؤنڈیشن، خیراتی انجمنیں، سماجی معاونین وغیرہ)۔

**دورانیہ:** متغیر (کم سے کم 2 ماہ)۔

**قابلیت:** سرٹیفیکیشن اور کام کا تجربہ۔

**معاوضہ:** borsa lavoro بورسا لاورو(متغیر)۔ اس کا مطلب تنخواہ کے طور پر نہیں ہے بلکہ بورسسٹا borsista کے کام کے ماحول میں ضم ہونے اور ان کے انجام دینے والے کاموں کے اعتراف کے طور پر ہے۔

**مزید معلومات کے لیے:** روزگار کے مراکز، ملازمت کی ایجنسیاں، سرکاری اور نجی ادارے اور پیشہ ورانہ تربیت اور/یا واقفیت کے مراکز، پیشہ ورانہ ادارے، انجمنیں اور غیر منافع بخش تنظیمیں۔

- یہ ایک **سرکاری تربیتی پروگرام** کے ساتھ ملازمت کی جگہ ہے۔
- آپ کو ایک ایسے **شخص کو تفویض کیا جائے گا جو تربیت کے دوران آپ کی راہنمائی** کرے گا ۔
- یہ راستہ ملازمت یا **پیشے کے ساتھ براہ راست مشغولیت** کا حامی ہے۔

# اپرنٹس شپ کے ساتھ تربیت کے راستے

**اپرنٹس شپ کیا ہوتی ہے:** یہ ایک ملازمت کا معاہدہ ہے جس کی خصوصیت تعلیمی مواد سے ہوتی ہے، جو 15 سے 29 سال کی عمر کے نوجوانوں کی مدد کرتا ہے، جو نوکری کے مارکیٹ میں داخل ہونے میں اپرنٹس شپ کی قسم پر منحصر ہے۔ کمپنی، اپرنٹس کو کیے گئے کام کا معاوضہ ادا کرنے کے علاوہ، اس کو وہ تربیت فراہم کرنے کی پابند ہے **جو اسے تفویض کردہ کردار اور کاموں کے لیے مناسب پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے حصول کے لیے ضروری ہے۔**
اپرنٹس ایک تربیتی راستے کی پیروی کرنے کا پابند ہے، جسے کمپنی کے اندر یا باہر مکمل کیا جا سکتا ہے۔ اپرنٹس شپ کی مختلف قسمیں (پہلے، دوسرے اور تیسرے درجے کی) ہیں ۔
فرسٹ لیول کی اپرنٹس شپ ایک ملازمت کا معاہدہ ہے جو ڈپلومہ اور پیشہ ورانہ مہارتوں کے حصول کے ذریعے 15-25 سال کی عمر کے نوجوانوں کو ملازمت کی مارکیٹ میں شامل کرنے میں سہولت فراہم کرتا ہے ۔ یہ لازمی سکولنگ کو پورا کرنے اور اپر ثانوی سکول ڈپلومہ، پیشہ ورانہ اہلیت/ڈپلومہ، یا اعلی تکنیکی مہارت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی اہلیت دیتا ہے ۔

**دورانیہ: کم از کم 6 ماہ ۔ زیادہ سے زیادہ:** پشہ ورانہ اہلیت کے لیے **3 سال**؛ پیشہ ورانہ ڈپلومہ یا اعلیٰ ثانوی سکول ڈپلومہ کے لیے **4 سال۔** دورانیہ ان لوگوں کے لیے **1 سال** تک ہو سکتا ہے جو پہلے سے ہی پیشہ ورانہ اہلیت رکھتے ہیں اور پیشہ ورانہ ڈپلومہ یا اعلیٰ تکنیکی مہارت کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

**قابلیت:** فرسٹ لیول اپرنٹس شپ کے ساتھ، آپ کو پیشہ ورانہ قابلیت/ڈپلومہ، یا اعلیٰ ثانوی تعلیمی ڈپلومہ، یا اعلیٰ تکنیکی مہارت کا سرٹیفکیٹ (آئی ایف ٹی ایس) ملتا ہے
۔

**معاوضہ:** ماہانہ معاوضہ۔ پہلے درجے کی اپرنٹس شپ کے لیے، نابالغوں کی صورت میں معاوضہ 2.000 یورو سالانہ، اور 18 سال سے زیادہ عمر کے نوجوانوں کی صورت میں 3.000 یورو ہے۔

**مزید معلومات کے لیے:** وہ کمپنیاں جو اپرنٹس شپ کرنے والے لوگوں کو اجرت پر لیتی ہیں۔ آپ روزگار کے مراکز، جاب ایجنسیوں، سرکاری اور نجی اداروں اور پیشہ ورانہ تربیت اور/یا واقفیت کے مراکز سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں ۔ ان سے پوچھیں کہ کیا ان کے پاس اپنے علاقے میں کمپنیوں یا دیگر اداروں میں اپرنٹس شپ کے مواقع کے بارے میں تازہ ترین معلومات ہیں۔

• ایک تحریری **معاہدہ**، ایک **آزمائشی مدت** اور ایک پی ایف آئی یا Piano Formativo Individuale (انفرادی تربیتی منصوبہ) شامل ہے۔
• **اپرنٹس شپ کے اختتام پر، کمپنی** فیصلہ کر سکتی ہے کہ آیا مستقل کام کا معاہدہ جاری رکھنا ہے یا اپرنٹس شپ کے معاہدے سے دستبردار ہونا ہے۔

## Servizio Civile Universale (عالمی شہری خدمت)

**شہری خدمت کسے کہتے ہیں؟** لوگوں کے درمیان امن اور **جمہوریہ اٹلی کے لیے بنیادی اقدار کے فروغ کے لیے**، کمیونٹیز اور علاقے کے لیے اقدامات میں شامل ہو کر، اپنی زندگی کے چند ماہ غیر مسلح اور غیر متشدد ملک کے دفاع کے لیے وقف کرنے کا رضاکارانہ فیصلہ ہوتا ہے ۔ شہری خدمت کا رضاکار بننا **ایک فرد کے طور پر انسانیت سیکھنا اور تربیت حاصل کرنے** کا ایک موقع ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کام کرنے والے ماحول میں یونیورسل سویلین سروس کا انعقاد مفید ہو سکتا ہے۔

**ضروریات:** درخواست دہندگان کے پاس اٹلی میں ایک قانونی رہائشی اجازت نامہ ہونا چاہیے اور ان کی عمر 18 اور 28 کے درمیان ہونی چاہیے۔

**طریقۂ کار:** ہر سال، اطالوی حکومت یونیورسل سویلین سروس کے پروگراموں میں شامل ہونے والے **رضاکاروں کو منتخب کرنے** کے لیے ایک bando (درخواستوں کے لیے کال) شائع کرتی ہے، (مثال کے طور پر، 2022 میں انہوں نے ایک bando شائع کیا جس میں 56,000 سے زیادہ رضاکاروں کا مطالبہ کیا گیا تھا)۔ ہر بینڈو (bando) مختلف اداروں **کے تجویز کردہ مختلف پروگرام پیش کرتا ہے۔**

اگر آپ دلچسپی رکھتے ہیں، تو آپ bando میں بتائی گئی آخری تاریخ تک درخواست دے سکتے ہیں:
1. وزٹ کریں
https://www.politichegiovanili.gov.it/servizio-civile/bandi-e-avvisi-di-servizio-civile/؛
2. bando کو احتیاط سے پڑھیں؛
3. **اس پروگرام کا انتخاب کریں** جو آپ کی دلچسپیوں اور توقعات کے مطابق ہو؛

4. آپ اپنی درخواست آن لائن جمع کروا سکتے ہیں ۔ پلیٹ فارم **ڈی او ایل**:
www.domandaonline.serviziocivile.it ؛
5. لاگ ان کرنے کے لیے آپ کو **ایس پی آئی ڈی** ڈیجیٹل شناخت کی ضرورت ہو گی:
https://www.spid.gov.it/ ؛
6. اگر آپ پہلے سے منتخب ہو چکے ہیں، تو منصوبہ چلانے والا ادارہ آپ کو **انتخابی انٹرویو** کے لیے بلائے گا؛
7. اگر آپ کا انتخاب ہو جاتا ہے تو، آپ ایک **رضاکار شہری خدمت کارکن** بن جائیں گے اور آپ Dipartimento per le Politiche Giovanili e il Servizio Civile Universale della Presidenza del Consiglio dei Ministri (نوجوانوں کا اطالوی محمکہ برائے پالیسیاں اور یونیورسل سویلین سروس) کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کریں گے؛

**دورانیہ:** پروگرام کے لحاظ سے 8 اور 12 ماہ کے درمیان ہوتا ہے۔ ہفتہ وار کام کے گھنٹے کم از کم 25 گھنٹے یا 12 ماہ تک چلنے والے پروگراموں کے لیے کل سالانہ 1,145 گھنٹے اور 8 ماہ تک چلنے والے منصوبوں کے لیے 765 گھنٹے ہوتے ہیں۔

**اہلیت:** ٹریننگ کریڈٹس اور شہری خدمت میں شرکت کا سرٹیفیکیٹ۔

**معاوضہ:** ایک ماہانہ معاوضہ متوقع ہوتا ہے۔

**مزید معلومات:** آپ مزید معلومات یونیورسل سویلین سروس میں شرکت کے لیے دی گئی درخواست کی کال کا جواب دے کر یا Dipartimento per le Politiche Giovanili e il Servizio Civile Universale کی ویب سائٹ پر حاصل کر سکتے ہیں:
https://www.politichegiovanili.gov.it/servizio-civile/cosa-e-il-servizio-civile/

• کچھ پروگراموں میں ان **نوجوانوں کو ترجیح دی جاتی ہے جن کے پاس مواقع کم ہوتے ہیں۔**
• کچھ پروگراموں کے لیے **ٹیوشن کی مدت (تین ماہ تک جاری رہنے والی)** کو فعال کرنا ممکن ہوتا ہے تاکہ کام کے ماحول میں آپ کے لیے داخلہ آسان ہو۔
• **bando کی ترتیب اور اس کا جواب دینے کے بارے میں جاننے کے لیے،** 2024 میں شائع شدہ bando دیکھیں:
https://www.scelgoilserviziocivile.gov.it/leggi-il-bando/il-testo/

## مختصر مدتی سرٹیفیکیٹ اور پیشہ ورانہ کورسز

اوپر دیے گئے اختیارات کے ساتھ ساتھ، **مختصر مدت کے راستوں کی کئی اقسام موجود ہے جو آپ کو مخصوص پیشوں میں مہارت حاصل کرنے کے لیے اہلیت دیتے ہیں۔** زیر بحث ملازمت کے شعبے اور اہلیت کی قسم یا آپ جو سرٹیفیکیٹس حاصل کرنا چاہتے ہیں ان کی بنیاد اُن کورسز سے متعلق تفصیلات (دورانیہ، تقاضے، ملازمت کے مواقع) وسیع پیمانے پر مختلف ہوتی ہیں۔ اسپیشلائزیشن کے کورسز کا اہتمام عام طور پر مقامی اداروں جیسے عوامی، نجی یا تیسرے شعبے کے ذریعے کیا جاتا ہے۔
لہٰذا، آپ جس علاقے یا صوبے میں رہتے ہیں وہاں دستیاب مواقع کے بارے میں جاننا ضروری ہے۔

**کچھ مثالیں:** نیچے پیشوں اور اہلیتوں کی تین مثالیں ہیں جو پیشہ ورانہ سرٹیفیکیٹس اور مختصر مدتی کورسز کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں۔

**لسانی اور ثقافتی ثالث:** ایک ایسا کردار جس کی بہت زیادہ مانگ ہے، اہم معلومات، سرکاری اور نجی خدمات تک رسائی میں مدد دینا اور انہیں تعلیم، کام، صحت وغیرہ کے نظام میں شامل کرنے کے لیے **غیر ملکی لوگوں کے ساتھ بات چیت اور روابط** کے مشکل عمل کو سنبھالنا ہوتا ہے۔ جب آپ لسانی اور ثقافتی ثالث بن جاتے ہیں، تو آپ مختلف شعبوں جیسے نگہداشت کی سہولیات، پولیس ہیڈ کوارٹر، پریفیکچر، روزگار کے مراکز، سکول، سماجی اور صحت کے ماحول اور ذاتی خدمات پیش کرنے والے دیگر یونٹوں میں کام کر سکتے ہیں۔

مزید معلومات کے لیے:
https://www.integrazionemigranti.gov.it/it-it/Dettaglio-approfondimento/id/41/Mediazione-interculturale



**ایچ اے سی سی پی سرٹیفیکیٹ:** ایچ اے سی سی پی، ہیزرڈ انالیسز اینڈ کریٹیکل کنٹرول پوائنٹس کا مخفف ہے۔ یہ سرٹیفکیٹ ان **لوگوں کے لیے ضروری ہے جو فوڈ انڈسٹری میں کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں** اور جو کھانے کی چیزوں سے تعامل کریں گے۔ اگر آپ باورچی، نائب باورچی یا بیرا یا یہاں تک کہ کھانے کی چیزیں فروخت کرنے والے (وغیرہ) بننا چاہتے ہیں تو، آپ کو ایک کورس مکمل کرنے اور ایچ اے سی سی پی سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی ضرورت ہو گی۔ یہ **سرٹیفیکیٹ خوراک کی حفظان** صحت کو یقینی بنانے کے طریقۂ کار سے متعلق آپ کے علم اور قابلیت کی تصدیق کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے:
https://www.salute.gov.it/portale/temi/p2_6.jsp?id=1225&area=sicurezzaAlimentare&menu=igiene

**Operatore Socio-Sanitario (او ایس ایس) - صحت اور سماجی معاونت کے کارکن:** یہ وہ شخص ہے جو دوسرے او ایس ایس کے ساتھ کام کر کے **معذوری کے ساتھ افراد یا ایسے افراد جو جسمانی اور/یا ذہنی طور پر خود کفیل نہیں ہوتے، ان کی دیکھ بھال اور مدد فراہم کرنے جیسی سرگرمیوں میں شامل ہوتا ہے۔** لہذا، او ایس ایس پروگرام کام کے کئی قسم کے ماحول میں سروس استعمال کرنے والے کی فلاح و بہبود، اس کی خود مختاری اور سماجی شمولیت کا حامی ہے: ہسپتال، ریٹائرمنٹ گھر، رہائشی نگہداشت کے گھر، نیز صحت اور سماجی/سماجی مدد کی خدمات پیش کرنے والے یونٹس، دونوں عوامی اور نجی۔

مزید معلومات کے لیے:
https://www.salute.gov.it/portale/moduliServizi/dettaglioSchedaModuliServizi.jsp?lingua=italiano&label=servizionline&idMat=PROFS&idAmb=RTENC&idSrv=D2.26&flag=P

**IT آپریٹر کوالیفیکیشن:** یہ وہ شخص ہے جس کے پاس **آئی ٹی کی مہارتیں** ہوتی ہیں جو معلومات اور مواصلاتی ٹیکنالوجی میں مہارت رکھتا ہے اور خاص طور پر کمپیوٹر، موبائل فون، نیٹ ورکس، سرورز وغیرہ کے لیے ہارڈ ویئر اور سافٹ ویئر کی تنصیب، ترتیب اور دیکھ بھال کا کام کرتا ہے۔ یہ اہلیت آپ کو کام کے کئی قسم کے ماحول تک رسائی حاصل کرنے کے قابل بناتا ہے۔ اس میں کمپنیوں، عوامی اداروں، اسکولوں اور کمپنی کے ہیلپ ڈیسک میں آئی ٹی شعبہ جات شامل ہیں۔

مزید معلومات کے لیے:
https://www.anpal.gov.it/notizie/-/asset_publisher/Yfaaffr5jnf9/content/ict-force-corsi-per-programmatori-web-e-mobile-oriented

## ...لیکن اور بھی بہت ہیں!!!

آپ جس علاقے یا صوبے میں رہتے ہیں اس کی طرف سے پیش کردہ مختصر مدتی پیشہ ورانہ کورسز کو دیکھیں۔



# ملازمت کے حصول میں معاونت فراہم کرنے والے منصوبوں کی مثالیں

## «4 PERCORSI» پروگرام: نوجوان تارکین وطن کے لیے تربیت، کام اور انضمام

**مقصد:** غیر ملکی نابالغوں اور مہاجر نوجوانوں کی مدد کرنا تاکہ وہ محفوظ ماحول (جس میں ان کا خیرمقدم کیا گیا) کو چھوڑ کر معمول کی زندگی میں معاشرے کا حصہ بن سکے اور مکمل طور پر خود مختار بن جائے۔ یہ مقصد سماجی انضمام اور ملازمت کے تقرر کے راستوں سے واقفیت اور انٹرن شپ کے ذریعے حاصل کیا جاتا۔

**دورانیہ:** 6 ماہ، 12 ماہ تک قابل توسیع۔

**معاوضہ:** **حاضری الاؤنس اور انفرادی الاؤنس**، جس کے ساتھ آپ اپنی مہارتوں کو فروغ دینے، سماجی انضمام اور ملازمت کے حصول کی خدمات اور آزادی کے حصول میں مدد کے لیے موجود کئی اقسام کی خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

**انفرادی الاؤنس پروگرام میں حصہ دار:**

- **وصول کنندگان:** درخواست دینے کے لیے **آپ کی عمر 16 اور 24 کے درمیان ہونی چاہیے، اکیلا غیر ملکی نابالغ ہو یا ایک بالغ جو بغیر سرپرست کے غیر ملکی نابالغ کے طور پر اٹلی میں داخل ہوا ہو**، اور درخواست کے وقت بے روزگار ہو۔
- **فروغ کنندگان:** انٹرمیڈیٹ کے لیے منظور شدہ سرکاری اور نجی مضامین یا ملازمت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے ہوں۔
- **میزبان:** تمام آجر جو انٹرن کی میزبانی کر سکتے ہیں۔

**مزید معلومات:** اگر آپ «4 Percorsi» پروگرام میں حصہ لینا چاہتے ہیں، تو آپ اس کے لیے وقف کردہ ویب سائٹ پر جا سکتے ہیں:
https://www.lavoro.gov.it/temi-e-priorita/immigrazione/focus-on/politiche-di-integrazione-sociale/pagine/attivita-e-servizi

## منصوبہ «PUOI PLUS»

**مقصد:** نیا «PUOI PLUS» اقدام مشاورت، تعلیم، زبان اور دیگر تربیت مثلاً شہری اور پیشہ ورانہ واقفیت کے کورسز پر مرکوز انضمام کے پروگراموں کے ذریعے تیسرے ممالک کے شہریوں کی ضروریات کے مطابق مطلوبہ مدد فراہم کرنے کا ارادہ رکھتا ہے۔

اس اقدام کے خصوصی مقاصد درج ذیل ہیں:

- کام کی طرف منتقلی کے راستے کا فروغ، انتظام اور نگرانی کرنا؛
- شمولیت کے راستے کو بہتر بنانے کے لیے شامل آپریٹرز کو معاونت فراہم کرنا اور ان کے ساتھ مل کر کام کرنا، طریقۂ کار اور اقدامات کے ٹولز کی دستیابی اور اشتراک کرنا؛
- منتقلی کے راستوں کا معیاری - مقداری حوالے سے جائزہ لینا اور اقدامات کے نتائج کا فروغ اور ان تشہیرکرنا؛
- روزگار کے مراکز کے زیادہ فعال کردار کا فروغ کرنا تاکہ مہاجرین کی پیچیدہ ضروریات کو پورا کیا جا سکے اور نئے، وسیع تر نیٹ ورکس کی ترقی میں معاونت کی جا سکے، جن میں عوامی اور نجی روابط مؤثر اور کارآمد ہوں۔

**مطلوبہ سامعین:** غیر محفوظ تارکین وطن جیسے کہ غریب ممالک کے شہری جن کے پاس بین الاقوامی، عارضی اور خصوصی تحفظ ہے، پناہ کے متلاشی، اکیلے نابالغ اور سابقہ غیر ملکی نابالغ، انسانی سوداگری، جبری مشقت کے استحصال اور/یا صنفی بنیاد پر تشدد کے شکار افراد۔

**فروغ کنندگان کے لئے معلومات:** اے ایم آئی ایف اور شمولیت اور غربت کی روک تھام 2021-27 این پی کے ذریعے اس اقدام کی تکمیلی طریقے سے مالی مدد کی جائے گی۔ اس کے لئے امیگریشن اور انضمام کی پالیسیوں کے ڈائریکٹوریٹ جنرل کو

[3] https://www.interno.gov.it/sites/default/files/12-2023/invito_ad_hoc_puoiplus_fami-signed.pdf

درمیانی ادارے کے طور پر شناخت کیا گیا ہے تاکہ انفرادی مراعات کی ایک وسیع اور کثیر سالہ پیشکش کی تجویز پیش کی جا سکے اور ای ایس ایف+ کے تحت تیسرے ممالک کے 6,200 غیر محفوظ تارکین وطن کے لیے سماجی اور معاشرتی انضمام کے راستوں کو مضبوط کیا جا سکے۔ اس منصوبے کی خاطر ایف اے ایم آئی 2027-2021 کی جانب سے اس منصوبے میں مالی مدد کے لیے زیادہ سے زیادہ مختص کردہ رقم € 15,000,000.00 تھے۔ امیگریشن اور انضمام کی پالیسیوں کے ڈائریکٹوریٹ جنرل کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ منصوبے کی فنڈنگ مختص کرنے کے عمل کو دیگر قومی یا/اور یورپی یونین کے فنڈنگ ذرائع کے ذریعے بھی بڑھا سکتا ہے۔

**مزید معلومات:**
https://www.interno.gov.it/sites/default/files/2023-12/invito_ad_hoc_puoiplus_fami-signed.pdf

## «Skills4YOUth» ورکشاپ

**مقصد:** استقبالی مراکز اور کیچ اپ سکولوں (سی پی آئی اے) میں نوجوان پناہ گزینوں اور تارکین وطن کے لیے کام سے واقفیت کی ورکشاپوں اور شخصیاتی مہارتوں کی تشکیل کرنا۔ جونیئر اچیومنٹ اٹلی کی شراکت کے ساتھ، پروٹیکشن[4] پروجیکٹ کے فریم ورک میں یورپی یونین کے تعاون کے ساتھ یونیسف کی جانب سے Skills٤YOUth منصوبے کا فروغ کیا جاتا ہے۔

**طریقۂ کار:** Skills4Youth (ایس 4 وائی) ورکشاپوں کے ساتھ، گروپ سرگرمیوں کے مرہون منت، آپ اپنی پسندیدہ ملازمت، اپنی مہارتوں اور ان کو حاصل کرنے کے لیے ضروری تربیت پر روشنی ڈال سکیں گے۔ آپ کارکنوں کے حقوق کے متعلق اپنی معلومات میں اضافہ حاصل کر سکتے ہیں اور سی وی یا ملازمت کے لیے انٹرویو کی تیاری کر سکتے ہیں۔

**مقام اور دورانیہ:** پورے اٹلی میں استقبالیہ مراکز اور سی پی آئی اے میں ایس 4 وائی ورکشاپوں کو فروغ دیا جاتا ہے۔ ہر ورکشاپ کا دورانیہ تقریباً ٤ گھنٹے ہوتا ہے۔

**اہلیت:** ورکشاپس کے اختتام پر ہر شریک کو شرکت کا سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے۔

**مزید معلومات کے لیے:** ورکشاپس کو یونیسف کی جانب سے شکریہ کے ساتھ فراہم کردہ مواد کی بدولت ڈھانچوں کے عملے اور ای پی آئی اے کے ذریعے فعال کیا جا سکتا ہے۔ اس میں ایک مفت ای لرننگ کورس اور سہولت کار کی گائیڈ شامل ہوتی ہے جو معلمین، آپریٹرز، دیکھ بھال کرنے والوں اور استقبالیہ نظام کے دیگر ذمہ داران کے لیے تیار کی گئی ہے۔ Skills4YOUth پر مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر دیکھیں:
https://www.unicef.it/media/skills4youth-valorizzare-le-proprie-competenze-per-orientarsi-nel-mondo-del-lavoro-costruire-il-proprio-futuro/

---

https://www.unicef.it/media/l-unicef-e-la-commissione-europea-rafforzano-la-collaborazione-a-favore-di-bambini-bambine-e-adolescenti-rifugiati-e-migranti-in-italia-protect-protecting-children-on-the-move/ [4]

# 4. تربیت اور ملازمت کی تلاش کے لئے مشورہ

**پیشہ ورانہ تربیت و ملازمت کے مواقع کہاں تلاش کریں؟**

یہاں چند مشورے ہیں!

## 1 پیشہ ورانہ تربیتی ادارے (Centri di Formazione Professionale, CFP)

- پیشہ ورانہ تعلیم اور ٹریننگ کورسز (ایل ای ایف پی)
- مختصر پیشہ ورانہ کورسز، مفت اور فیس کے ساتھ
- قریبی سی ایف پی Scuola in Chiaro ویب سائٹ پر تلاش کریں https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola/

## 2 ملازمت کے مراکز (سی پی آئی)

- ملازمت کے متلاشی افراد کو بھرتی کرنے والوں سے رابطے میں لاتا ہے
- کام کے لیے فوری دستیابی کے بیان (ڈی آئی ڈی) کے ذریعے آپ یہ واضح کرتے ہیں کہ آپ فوری کام کے لئے دستیاب ہیں
- ملازمت کے مواقع، انٹرن شپس، اپرنٹس شپس، اور پیشہ ورانہ تربیت کے بارے میں معلومات
- Curriculum Vitae (سی وی) لکھنے اور درخواست بھیجنے میں مدد
- سی پی آئی سہولیات مفت ہیں
- اپنا نزدیکی سی پی آئی تلاش کرنے کے لئے وزارت برائے مشقت کے «سرچ ڈیسک» ویب پیج پر پائیں https://servizi.lavoro.gov.it/cerca-sportello/

## 3 آپ کی رہائشی میونسپلٹی میں Informagiovani ڈیسک

• پیشہ ورانہ تربیت اور ملازمت، رضاکاری اور فارغ اوقات کے مواقع کی معلومات
• اپنا نزدیکی Informagiovani ڈیسک جاننے کے لیے وزارت برائے مشقت کی ویب سائٹ پر «Cerca Sportello» ٹائپ کریں
https://servizi.lavoro.gov.it/cerca-sportello/

## 4 آپ کے رہائشی علاقے کی ویب سائٹ

• اِنٹرنیٹ پر ‹ملازمت+علاقے کا نام› ٹائپ کریں، مثلاً ‹Lavoro Regione Toscana›۔
• علاقائی ملازمتوں اور پیشہ ورانہ کورسز کے لیے وقف شدہ ویب سائٹ کا صفحہ تلاش کریں (کچھ مفت ہیں!)



**ہمیشہ یاد رکھیں کہ استقبالیہ مرکز کا عملہ اور آپ کا سرپرست اوپر بیان کیے گئے راستوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے!** ان کے ساتھ اپنی ترجیحات کا اشتراک کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس نہ کریں اور مشورہ طلب کریں۔ یہ گائیڈ آپ کو اپنے طور پر پہلا اقدام اٹھانے میں عملی مشورہ دیتا ہے، لیکن استقبالیہ مرکز کا عملہ اور آپ کا سرپرست 18 سال کی عمر تک آپ کے لیے اہم شخصیت ہیں۔

# 5. کم از کم تقاضے اور ضروری دستاویزات

**کم از کم تقاضے:** وہ خوبیاں شرائط یا خصوصیات جو تربیتی راستے تک رسائی کے حصول سے **پہلے** مطلوب ہیں۔ ایک راستے سے دوسرے راستے تک کے تقاضے مختلف ہوتے ہیں، بہرحال تمام راستوں پر قابل اطلاق بنیادی چیزیں درج ذیل ہیں۔

**تربیتی راستے تک رسائی حاصل کرنے اور اٹلی میں کام کرنے کے لئے آپ کے لیے مندرجہ ذیل باتیں ضروری ہیں۔۔۔**

| | | |
|---|---|---|
| 1 | **کم سے کم 16 سال کے عمر میں*** | اٹلی میں کام شروع کرنے کے لیے آپ کی عمر کم از کم 16 سال ہونی چاہیے، جس کا مطلب ہے کہ **اگر آپ کی عمر 16 سال سے کم ہے تو آپ ابھی کام نہیں کر سکتے**، لیکن ہاں آپ اپنی اسکول کی پڑھائی جاری رکھ سکتے ہیں اور تربیتی پروگراموں تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ * |
| 2 | **قانونی طور پر اٹلی میں رہائش پذیر ہوں** | اس کا مطلب ہے کہ آپ کے پاس **رہائش کا درست اجازت نامہ** ہے (اس پر مزید ضروری دستاویزات سے متعلق حصے میں)۔ |
| 3 | **اٹلی میں کم از کم 6-2 ماہ رہ چکے ہوں** | یہ کم از کم مدت مندرجہ ذیل کے لیے ہے :<br>• مڈل اسکول کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا<br>• **اطالوی زبان پر کافی حد تک عبور حاصل کرنا**<br>• ایک رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنا<br>• رہائش کے لیے درخواست کرنا |
| 4 | **اطالوی زبان پر کافی حد تک عبور حاصل کر چکے ہوں** | یہ ضروری نہیں ہے ... لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ یہ اہم نہیں ہے!<br>یہ **کسی بھی تربیت/ملازمت کے راستے کے لیے انتہائی ضروری ہے**، بلکہ آپ کی سماجی شمولیت کے عمل کے لیے بھی اہم ہے۔ |

* اٹلی میں، 15 سال کی عمر سے ملازمت کرنا بھی ممکن ہے، اپرنٹس شپ کے معاہدے کے ذریعے تربیتی کورس کو فعال بنانے کی صورت میں، (آئینی حکم 2015/81 آرٹیکل۔ 43)۔

| | |
|---|---|
| **5** **اپنا «Licenza Media» (مڈل سکول کا سرٹیفکیٹ) حاصل کر چکے ہوں** | اپنے سرپرست یا استقبالیہ مرکز کے عملے میں سے کسی رکن سے سکول میں مکمل تعلیمی سالوں اور **ذاتی تصدیق کروانے کی کاروائی شروع کرنے اور اپنے اصل ملک میں حاصل شدہ قابلیت/مہارت کو تسلیم کروانے کے بارے میں گفتگو کریں۔** |
| **6** **Anagrafe (سول رجسٹری) میں اندراج کریں اور/یا اٹلی میں قیام کریں** | اپنے سرپرست یا استقبالیہ مرکز کے عملے میں سے کسی رکن سے دو وجوہات کے لیے کاروائی شروع کرنے کے بارے میں بات کریں:<br>رہائش: آپ کے پتے کی تصدیق کرتا ہے ۔ یہ دیکھ بھال کے مرکز کا پتہ بھی ہو سکتا ہے ۔<br>**Anagrafe (سول رجسٹری):** اٹلی کی زمین پر آپ کی موجودگی کی تصدیق کرتا ہے۔ یہ شہریت کے مقاصد کے لیے بھی اہم ہے۔ |

**مطلوبہ دستاویزات:** مطلوبہ دستاویزات **بھی** چنے گئے راستے کی قسم کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں ۔ کسی بھی صورت میں، نیچے آپ کو دستاویزات کی ایک فہرست ملے گی ، اپنے سرپرست یا استقبالیہ مرکز کے عملے کے رکن کی مدد سے ان کی تیار شروع کرنا یا اگر پہلے سے تیار شدہ ہوں تو یہ اچھی بات ہو گی۔

| | |
|---|---|
| **1** **ایک درست رہائشی اجازت نامہ** | اگر آپ کے پاس یہ دستاویزات نہیں ہیں، تو آپ اپنے Domanda di Protezione Internazionale **(سی 3)** (بین الاقوامی تحفظ کی درخواست) کی ایک کاپی یا Commissione Territoriale سے اپنی درخواست کی حیثیت کا نوٹیفیکیشن بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| **2** **آپ کا شناختی کارڈ** | **ایک رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کے بعد** آپ شناختی کارڈ کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو ‹رہائش› کی تفصیلات دینی ہوں گی: آپ اپنے قیام کے اختتام تک استقبالیہ مرکز کا پتہ استعمال کر سکتے ہیں۔ |

| | | |
|---|---|---|
| 3 | Codice Fiscale (مالیاتی کوڈ) | استقبالیہ مرکز کے عملے کا کوئی رکن یا آپ کا سرپرست آپ کو اطالوی مالیاتی ایجنسی سے ایک **مالیاتی کوڈ** حاصل کرنے میں مدد کر سکتا ہے: Agenzia delle Entrate۔ کسی بھی صورت میں، آپ اپنا ایس ٹی پی کوڈ بھی استعمال کر سکتے ہیں (ایس ٹی پی کا مطلب ہے Straniero Temporaneamente Presente یا «عارضی طور پر موجودہ غیر وطنی شہری»)۔ |
| 4 | مڈل اسکول کے سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی | یہ **سکول** یا کیچ اپ سکول یا سی پی آئی اے (Centro Provinciale per l'Istruzione degli Adulti) **کی طرف سے** جاری کیا جاتا ہے جس میں آپ کورس کے اختتام پر شامل ہوئے تھے۔ |
| 5 | پی آئی پی، پی ایف آئی یا پی ای آئی | یہ ایک دستاویز ہے **جس کا استعمال آپ کی مخصوص ضروریات کی بنیاد پر، آپ کے اختیار کردہ تربیتی راستے کے مقاصد کو طے کرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔** منصوبہ آپ کے سرپرست یا استقبالیہ مرکز کے عملے کے کسی رکن، اسکول یا سی پی آئی اے یا روزگار کے مرکز کے ساتھ مل کر تیار کیا گیا ہے۔<br>ان مخففات کا مطلب ہے:<br>**پی آئی پی** = کسی فرد کے لیے مخصوص کردہ اقدام کا منصوبہ<br>**پی ایف آئی** = انفرادی تربیتی منصوبہ<br>**پی ای آئی** = انفرادی تعلیمی پروگرام |
| 6 | کام کے لیے فوری دستیابی کا بیان | آپ روزگار کے مرکز میں ڈی آئی ڈی داخل کر سکتے ہیں، جہاں آپ یہ اعلان کرتے ہیں کہ آپ بے روزگار ہیں اور **ملازمت کے لیے دستیاب ہیں۔** اگر آپ نابالغ ہیں، تو آپ کے سرپرست یا آپ کے استقبالیہ مرکز کے عملے کے رکن کو آپ کے ساتھ روزگار کے مرکز میں جانا ہو گا۔ |



### وہ دستاویزات جو آپ کو ملازمت کے مرکز (سی پی آئی) میں لانے کی ضرورت ہوتی ہے

- آپ کا **مالیاتی کوڈ**
- آپ کا permesso di soggiorno (رہائشی اجازت نامہ)
- سرپرستی کا نوٹیفیکیشن اور آپ کے **سرپرست کی تقرری**
- ملازمت کے مرکز میں آپ کا اندراج کرنے کے لیے **آپ کے سرپرست کی اجازت۔**
- ہمراہ آپریٹر کے لیے سرپرستی کا اختیار

# 6. پیشہ ورانہ مقصد




**کامیاب ملازمت کے حصول کے لیے اپنے پیشہ ورانہ مقصد کی وضاحت کرنا ضروری ہے!**

آپ کا پیشہ ورانہ مقصد آپ کی پیشہ ورانہ خواہشات اور عزائم کا مجموعہ ہے... یہ وہی ہے جو آپ بڑے ہو کر کرنا چاہتے ہیں! شروع میں اس کی تعریف کرنا بہت ضروری ہے:

- یہ آپ کو اپنا **پیشہ ورانہ اور ذاتی مستقبل کے لیے اپنے راستے کی وضاحت کرنے کے قابل بنائے گا۔**
- **آپ کے مقاصد کے حصول کے لیے ایک تربیتی راستے کی منصوبہ بندی کے لیے یہ اہم** ہوتا ہے؛
- یہ آپ کو فیصلوں میں راہنمائی دے گا **تاکہ آپ اپنی پروفائل اور دلچسپیوں کے لیے موزوں ترین ملازمت تلاش کر سکیں!**

اپنے پیشہ ورانہ مقاصد کی تعریف کرنے کے لیے، **یہ سوچنا کافی نہیں ہے کہ آپ کیا کرنا چاہیں گے۔۔۔**
یہ جاننا ضروری ہے کہ **ملازمت کی مارکیٹ کیا پیش کرتی ہے** اور کن شعبوں میں ملازمت کی طلب سب سے زیادہ ہے۔ پھر آپ یہ بھی سوچ سکتے ہیں کہ آپ کو اپنے پسندیدہ ملازمت کے لیے **کن صلاحیتوں کی ضرورت ہے!**

## اب یہ آپ کی باری ہے!

نیچے یونیسف اور جے اے اٹالیا کی ”اپ شفٹ“ راستہ سے لی گئی ایک سرگرمی ہے۔ سوالات کا جواب دینے کی کوشش کریں اور اپنے پیشہ ورانہ مقصد کے بارے میں سوچیں۔

### 1. آپ کون ہیں؟

آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟ آپ کس چیز میں اچھے ہیں؟

دوسرے آپ میں کیا پسند کرتے ہیں؟

### 2. وہاں کیا ہے؟

کس ملازمت کے ماحول میں آپ کام کرنا چاہیں گے؟

آپ کیا کردار لینا چاہیں گے؟

### 3. آپ وہاں کیسے پہنچیں گے؟

اس ملازمت کے حصول کے لیے کس قسم کے سکول یا تربیتی پروگرام کی ضرورت ہے؟ ایک ڈپلومہ؟ ایک یونیورسٹی کی ڈگری؟ ایک خاص تربیتی پروگرام کا سرٹیفکیٹ؟

کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو اس ملازمت کے شعبے میں کام کرتا ہے؟ اگر ہاں، تو نیچے اس کا نام لکھیں ۔ اگر نہیں، تو تصور کرنے کی کوشش کریں کہ آپ اس میں کام کرنے والے کسی شخص سے کیسے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ ان سے کیا پوچھیں گے؟

اس کام کو کرنے کے لیے آپ کو کون سی مہارتیں سیکھنے کی ضرورت ہے؟



# 7. مہا رتوں کا جائزہ




**پیشہ ورانہ مقصد کے انتخاب میں مدد کے لیے، اپنی ذاتی خصوصیات اور مہارتوں کے بارے میں سوچیں۔**

**مہارتیں** آپ کی تمام ذاتی خصوصیات ہیں جو آپ کے لیے بہت زیادہ موزوں تربیتی راستے کا انتخاب اور اس پر تحقیق کرتے وقت متعلق ہوتی ہیں:

- **وہ تمام چیزیں جو آپ کر سکتے ہیں،** آپ کی صلاحیتیں اور قابلیتیں؛
- **وہ سرگرمیاں جن میں آپ نے حصہ لیا ہے،** آپ کے **ذاتی تجربات؛**
- آپ کی **دلچسپیاں اور شوق!**

مہا رتوں کو بہت سے مختلف طریقوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے ۔ یہاں مہا رتوں کی اہم اقسام کی ایک مثال ہے:

| ڈیجیٹل مہارتیں | شخصی مہارتیں |
|---|---|
| **ڈیجیٹل مہارتیں**<br><br>انفارمیشن سوسائٹی ٹیکنالوجی سے متعلق مہارتیں:<br>کمپیوٹر کا استعمال<br>ڈیجیٹل مواد تخلیق کرنا<br>سافٹ ویئر بنانا<br>سوشل میڈیا کا استعمال<br>آن لائن معلومات تلاش کرنا... | **نرم مہارتیں**<br><br>21ویں صدی یا زندگی کی مہا رتوں کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، یہ سماجی و جذباتی مہارتیں ہیں جو کسی بھی کام میں لاگو ہوتی ہیں:<br>مل کر کام کرنا<br>مسئلہ حل کرنا<br>فیصلہ سازی<br>بات چیت<br>کسی کام میں پہل کرنا<br>تخلیقی صلاحیت اور ایجاد<br>تنقیدی سوچ<br>دباؤ سے نمٹنا<br>ہم دلی... |

### فعالی مہارتیں

## بنیادی مہارتیں

یہ بنیادی مہارتیں ہیں، جو انفرادی خواندگی کے لیے انتہائی ضروری ہیں:
لکھنا
پڑھنا
شمار کرنا

### تکنیکی مہارتیں

## ٹھوس مہارتیں

یہ مہارتیں تعلیمی پس منظر اور مخصوص ملازمتوں سے وابستہ صلاحیتوں پر منحصر ہیں:
خیالی علم (مثلاً معیشت میں، مالیات...)
کھانا پکانا
پلمبر کا کام کرنا
غیر ملکی زبانیں
مخصوص مشینیں کو چلانا...

## پیشہ ورانہ مقصد کی وضاحت کرنے اور تربیتی راستے کا انتخاب کرنے کے لیے اپنی صلاحیتوں کا جائزہ کرنا ضروری ہے۔




اپنی مہارتوں کا اندازہ لگانا آپ کو اس بات سے آگاہ کرتا ہے کہ **آپ کیا کر سکتے ہیں اور (ابھی) کیا نہیں کر سکتے**، اور اپنی صلاحیتوں اور قابلیت سے۔ یہ مندرجہ ذیل کے لیے اہم ہے:

- آپ کی پہلے سے **موجود مہارتوں** کی توثیق کرنا (جو آپ کے پاس پہلے سے موجود تھیں)؛
- آپ **جو بہتر کرتے** ہیں اسے پہچاننا؛
- **بہتری لانے کے لیے درکار مہارتوں** کی نشاندہی کرنا۔

یاد رکھیں کہ **حقیقی جائزہ** کرنے کا مطلب ہے کام کو تنقیدی انداز میں کرنا۔ یہ بات ذہن میں رکھتے ہوئے اپنی صلاحیتوں کے بارے میں سوچیں کہ ان کے مثبت اور منفی دونوں پہلو ہیں۔

**اب یہ آپ کی باری ہے!**

ذیل میں یونیسف اور JA Italia کی ‹Crescere Che Impresa› سے لی گئی ایک سرگرمی ہے! پر اپ شفٹ راستے۔ ان 10 سوالات کے جواب دینے کی کوشش کریں۔۔ آپ کے جوابات کی بنیاد پر آپ کی انفرادی پیشہ ورانہ پروفائل بنائی جائے گی۔

## آپ کا رنگ کیا ہے؟

### یہ ٹیسٹ اپنے آپ کو بہتر طریقے سے جاننے میں آپ کی مدد کرے گا۔

**1. آپ فیصلے کیسے کرتے ہیں؟**

**A.** میں فورا فیصلے کرتا ہوں اور اپنی پہلی پسند پر اعتماد کرتا ہوں

**B.** میں اس پر بہت سوچتا ہوں اور مجھ میں فیصلہ سازی کی صلاحیت بالکل بھی نہیں ہے

**C.** مجھے تعجب ہے کہ دوسرے لوگ میری پسند کے بارے میں کیا سوچ سکتے ہیں

**D.** میں اسے سنجیدگی سے لیتا ہوں اور ممکنہ طور پر بہتر فیصلہ کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔

**2. آپ کے دوستوں کا آپ سے اپنی محبت کے ظاہر کا بہترین طریقہ کیا ہے؟**

**A.** تفریح کرنا اور میرے ساتھ کھیلنا

**B.** مجھے اپنے دل کی بات کرنے اور جیسا ہوں ویسا بننے دینا

**C.** کچھ بھی کر کے ایک ساتھ وقت گزارنا

**D.** قائم رہنا اور کبھی وعدے نہ توڑنا

3. **جب آپ اپنے دوستوں کے ساتھ ہوں تو کیسا برتاؤ کرتے ہیں؟**
A. میں جوش، خوشی اور تفریح کرواتا ہوں
B. میں ایماندار ہوں اور مشورہ دیتا ہوں
C. میں ان کی دیکھ بھال کرتا ہوں
D. میں باہر جانے کی منصوبہ بندی اور انتظام کرتا ہوں

4. **آپ کو سب سے زیادہ کیا پسند ہے؟**
A. تفریح کرنا اور پریشانی سے آزاد زندگی گزارنا
B. ہمیشہ وہی کہنا اور کرنا جس پر میں یقین رکھتا ہوں
C. گروپ میں ہم آہنگی اور اتحاد پیدا کرنا
D. ایک ذمہ دار، قابل اعتماد شخص ہونا، دوسروں کے لیے مدد گار ثابت ہونا

5. **آپ اپنی شخصیت کو کس طرح بیان کریں گے؟**
A. بہادر
B. مفکر
C. حساس
D. منظم

6. **آپ کے دوست جو آپ کو سب سے بہتر جانتے ہیں آپ کی شخصیت کس طرح بیان کریں گے؟**
A. مسابقتی
B. کم گو
C. دوستانہ
D. صاف ستھرا

7. **جب آپ کو اداسی اور افسردگی محسوس ہوتی ہے تو آپ کیا کرتے ہیں؟**
A. میں بدتمیز اور تنک مزاج ہو جاتا ہوں
B. میں خود کو بند کر لیتا ہوں اور خاموش رہتا ہوں
C. مجھے اپنے قریبی لوگوں سے بات کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے
D. میں یہ سمجھنے کی کوشش کرتا ہوں کہ میں کیوں اداس ہوں اور اس سے نمٹنے کا کوئی طریقہ تلاش کرتا ہوں

**8. آپ خود کو کب اچھا محسوس کرتے ہیں؟**

A. جب میں مشکل کام سرانجام دینے میں کامیاب ہوتا ہوں
B. جب میں کوئی مسئلہ حل کرتا ہوں
C. جب میں دوسروں کی مدد کرتا ہوں
D. جب لوگ میری تعریف کرتے ہیں

**9. جب آپ کچھ برا کرتے ہیں تو کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ ہیں:**

A. غیر مہذب
B. مغرور
C. کوئی ایسا شخص جو آسانی سے ساتھیوں کے دباؤ میں آ جاتا ہے
D. ڈرانے دھمکانے والا

**10. جو لوگ آپ کی تعریف کرتے ہیں وہ آپ کے بارے میں کیا کہیں گے؟**

A. میں پسندیدہ، ہوشیار اور عمدہ ہوں
B. میں مفکر ہوں، مجھے مسائل کو حل کرنا اور درست حل تجویز کرنا پسند ہے
C. میں دوستانہ ہوں، میں سب کے ساتھ گھل مل جاتا ہوں اور دوسروں کے لیے حاضر ہوں
D. میں صاف ستھرا، منظم ، تیار ہوں اور میں اپنے تمام کام درستگی کے ساتھ انجام دیتا ہوں

## اب اپنے جوابات کے آگے والے حروف کو دیکھیں- آپ نے اکثر کون سا حرف منتخب کیا؟

**A < پیلا**
پرجوش : متاثر کن، آسانی سے تعلق بنانے والا، محرک، آغاز کرنے والا

**B < نیلا**
معقول: درست اور منظم، قابل، خود پر قابو پانے کے قابل، پرسکون اور مفکر

**C < سبز**
سفارتی: ایک اچھا سننے والا، پرسکون اور پرامن، حامی، جو ہم آہنگی اور اعتماد کا اظہار کرتا ہے

**D < سرخ**
پر عزم: عمل پر مبنی، نتائج پر مرکوز، ثابت قدم، تیز فیصلہ کرنے والا

# 8. ملازمت کی پیشکش کا جواب دینا

**CURRICULUM VITAE (سی وی):** ایک دستاویز ہے جو آپ کے بارے میں بہت سی معلومات کا خلاصہ کرتی ہے اور اسے ملازمت کے عہدے کے لیے درخواست دینے میں استعمال کیا جاتا ہے- آپ کی سی وی میں یہ شامل ہے کہ آپ کی مکمل کردہ تعلیم، اہلیتیں، آپ کا حاصل کردہ کام کا کوئی تجربہ، زبان جو آپ بولتے ہیں۔۔۔

لیکن صرف یہی نہیں! یہ دستاویز اس بارے میں بھی تھوڑی سی وضاحت کرتی ہے کہ آپ کون ہیں، آپ کا پیشہ ورانہ مقصد کیا ہے، آپ کی مہارتیں کیا ہیں، آپ کا کام کرنے کا انداز کیا ہے۔ مثال کے طور پر، کیا آپ ٹیم کے ساتھ مل کر کام کرنا پسند کرتے ہیں یا آپ آزادانہ طور پر کام کرنا پسند کرتے ہیں۔ تاہم یہ بھی کہ آپ کی روزمرہ کی دلچسپیاں اور مشاغل کیا ہیں، آیا آپ خیراتی کام کرتے ہیں۔۔۔

**مختصراً، سی وی ایک کاروباری کارڈ کی طرح ہے جسے آپ کسی ممکنہ آجر سے متعارف ہونے کے لیے استعمال کرتے ہیں!**

جب آپ نوکری کے لیے درخواست دیتے ہیں، تو یہ آپ کا سی وی ہی ہوتا ہے جسے ہیومن رسورسز مینیجر یہ فیصلہ کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے کہ آیا آپ کا پروفائل زیر بحث عہدے سے مطابقت رکھتا ہے- لہذا، سی وی عام طور پر یہ فیصلہ کرنے کے لیے معلومات کا پہلا ذریعہ ہوتا ہے کہ آیا آپ کی درخواست کا مزید جائزہ لینا چاہیے، مثال کے طور پر انٹرویو کے ذریعے۔

یہاں تک کہ کسی ادارے یا تربیتی مرکز کے زیر اہتمام تربیتی کورس میں حصہ لینے کے لیے، آپ کو اکثر اپنی سی وی جمع کروانا پڑتی ہے۔ تربیت حاصل کرنے کے بعد، اس دستاویز میں اپنی تمام مہارتیں، خوبیاں اور تجربہ شامل کرنا ضروری ہو گا ۔

europass

اپنی سی وی میں استعمال کرنے کے لیے کئی فارمیٹ ہیں۔ عام طور پر سب سے زیادہ درخواست کردہ یورپی فارمیٹ میں سے ایک ہے: EUROPASS آن لائن اپنی EUROPASS سی وی بنانے کے لیے، اس لنک پر جائیں : https://europa.eu/europass/it اور «Crea un CV» پر کلک کریں۔



اس راہنما کتاب کے آخر میں آپ کو **EUROPASS فارمیٹ میں سی وی کی ایک مثال** ملے گی (ضمیمہ 1 دیکھیں)۔ اس مثال میں، آپ کو سرخ رنگ میں لکھی ہوئی ہدایات اور مشورے ملیں گے، جو آپ کو خود سے بھرنے میں مدد دیں گے۔
**تاہم، یہاں کچھ عمومی مشورے ہیں۔**

## کچھ مشورے ۔ ۔ ۔ ۔

**طویل:** زیادہ سے زیادہ 1-2 صفحات۔ جو لوگ سی وی کا جائزہ لیتے ہیں ان کے پاس عام طور پر زیادہ وقت نہیں ہوتا: بہتر ہے کہ یہ مختصر مگر واضح ہو!

**پیشہ ورانہ مقصد:** سی وی کے شروع میں، ایک مختصر جملہ شامل کریں جو آپ کے اس مقصد کی نشاندہی کرتا ہو جو آپ پیشہ ورانہ طور پر حاصل کرنا چاہتے ہیں. (اس راہنما کتاب کا باب ۵ دیکھیں) یہ آپ کا مختصر مدتی یا طویل مدتی مقصد ہو سکتا ہے۔ اسے شامل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اسے پڑھنے والے شخص کو یہ احساس ہو گا کہ آپ نے اس کے بارے میں سوچنے کے لیے وقت نکالا اور یہ کہ آپ کے مقاصد واضح ہیں۔

**مثال:**
کھانا پکانے کے بارے میں پرجوش، میں بین الاقوامی سطح پر ایک نامور خانساماں بننے کے لیے ضروری تجربہ اور مہارتیں سیکھنا چاہوں گا۔

اگر آپ ابھی تک اپنے پیشہ ورانہ مقصد کے بارے میں واضح طور پر یقینی نہیں ہیں، تو فکر مند نہ ہوں۔ آپ اپنی شخصیت یا اس ماحول کے متعلق بیان کر سکتے ہیں جس میں آپ کام کرنا چاہتے ہیں۔

یہاں پر دو مثالیں ہیں:
1. میں ایک متحرک، کثیر الثقافتی ٹیم کے ساتھ کام کرنا چاہوں گا۔ مختلف شخصیات کے ساتھ رابطے میں آنے سے مجھے میرے لیے بہترین پیشے کی طرف راستہ پانے میں اور نہ صرف پیشہ ورانہ طور پر بلکہ بطور انسان بھی ترقی کرنے میں مدد ملے گی۔
2. میں ایک تخلیقی شخص ہوں اور مجھے اپنے خیالات کے اظہار کی ضرورت ہے! میں ایک ایسی کمپنی میں کام کرنا چاہوں گا جو تنوع کو ایک طاقت کے طور پر اہمیت دیتی ہے اور اختراعی خیالات کو قبول کرتی ہے۔

**مہارتیں:** چاہے آپ کو کام کا زیادہ تجربہ نہ ہو، اپنی صلاحیتوں پر زور دینے کی کوشش کریں۔ اگر آپ اس کے بارے میں سوچیں، تو آپ کے پاس بہت سے ایسی مہارتیں ہیں جنھیں آپ خاطر میں نہیں لاتے! مثال کے طور پر، بہت ساری مہارتوں کا ذریعہ اصل میں آپ کا پس منظر مہاجر ہونا ہے، جیسا کہ آپ کئی زبانیں اور کثیر ثقافتیں بہت سی مہارتوں کا ذریعہ ہیں:

- موافقت پذیری
- آزادی
- ثالثی کی مہارت
- اٹھ کھڑا ہونے کی صلاحیت
- لچک
- ہم دلی

**آخری پڑتال :** کسی تیسرے شخص (آپ کا سرپرست، آپ کے استقبالیہ مرکز کا عملہ کارکن یا آپ کا کوئی دوست) سے اپنی سی وی کا جائزہ کروائیں تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ سب کچھ واضح ہے۔

## تعارفی خط:

بعض اوقات، آپ کے سی وی کے ہمراہ، درخواست کے ساتھ آپ سے ایک تعارفی خط منسلک کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ تعارفی خط آجر کو بتاتا ہے کہ وہ آپ کو تمام درخواست دہندگان پر ترجیح دے کر کیوں منتخب کرے۔ اس وجہ سے، یہ ضروری ہے کہ ان محرکات، مقاصد اور خوبیوں کو واضح طور پر لکھیں جو آپ کو ملازمت کے لیے مثالی امید وار بناتے ہیں۔

## انٹرویو:

اگر آپ کی درخواست کا انتخاب کیا جاتا ہے تو آپ سے ملازمت کے انٹرویو میں شرکت کے لیے کہا جائے گا، یہ ایک میٹنگ ہے جس کے دوران آپ اپنے ممکنہ آجر کے ساتھ اپنی صلاحیتوں اور حرکات پر تبادلۂ خیال کریں گے۔

## آزمائشی مدت:

کچھ کمپنیاں آپ کی ملازمت کی تصدیق کرنے اور آپ کو ملازمت کے معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے آپ سے مخصوص مدت تک آزمائشی کام کرنے کے لیے کہہ سکتی ہیں۔ ٹیسٹ پاس کرنے کے لیے اس ابتدائی مدت کے دوران اپنی تمام خوبیوں کا مظاہرہ کرنا ضروری ہے۔ اپنے نئے ساتھیوں کے ساتھ تعاون کرنے کی کوشش کریں، سوالات پوچھیں، اور یہ ظاہر کریں کہ آپ قابل اعتماد اور حوصلہ افزا ہیں۔



# ۹. کارکنوں کے حقوق




**ہر کارکن کے حقوق اور ذمہ داریاں ہیں۔ کام سے متعلق مخصوص حقوق کی تکمیل کے حوالے سے غیر ملکی کارکنوں کو اطالوی شہریوں کے برابر سمجھا جاتا ہے۔**

براہِ کرم نوٹ کریں: ان حقوق میں سے کچھ حقوق (جیسے کہ چھٹیاں، بیماری اور حادثاتی چوٹ) ملازم اور آجر کے درمیان معاہدے کی قسم کے مطابق مختلف ہو سکتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| **معاوضہ** | آپ کو یہ حق حاصل ہے کہ «**معاوضہ کی ادائیگی آپ کے کام کی مقدار اور معیار کے متناسب** ہو اور وہ کسی بھی صورت میں ایک آزاد اور مہذب زندگی کو یقینی بنانے کے لیے کافی ہو» (آرٹیکل 36 آئین)۔<br><br>براہِ کرم نوٹ کریں: برابر کام کے لیے نابالغوں کو بالغوں کے مساوی اجرت دی جانی چاہیے۔ (آئین کے آرٹیکل 37 کے مطابق)۔ |
| **پیشہ ورانہ سلامتی** | آجر کو «**آپ کی صحت اور نفسیاتی سالمیت کے تحفظ** کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنا ہوں گے» اور پیشہ ورانہ حفاظت کے ضوابط (آرٹیکل 2087 سول کوڈ) کی تعمیل کرنا ہو گی۔<br><br>براہِ کرم نوٹ کریں: نابالغ ایسی سرگرمیوں میں شامل نہیں ہو سکتے جو ان کی نفسیاتی و جسمانی نشوونما کو نقصان پہنچاتی ہوں (مثال کے طور پر شراب نوشی، بھاری مشینری کا استعمال یا نقصان دہ مادوں کا استعمال)۔" نابالغ ایک دن میں لگاتار ٤ گھنٹوں سے زیادہ وزن نہیں اٹھا سکتے۔ |

## کام کے اوقات

سرکاری ملازمت کے اوقات **40 گھنٹے فی ہفتہ ہیں۔** اضافی گھنٹے کو **اوور ٹائم** سمجھا جاتا ہے اور زیادہ ادائیگی کی جاتی ہے۔ کسی بھی صورت میں، ہفتہ وار گوشوارہ کبھی بھی **48 گھنٹے سے زیادہ نہیں ہو** سکتا (L. 1997/196)۔

براہِ کرم نوٹ کریں: نابالغ ایک ہفتے میں 40 گھنٹے سے زیادہ کام نہیں کر سکتے، نہ ہی اضافی وقت اور رات کے وقت کام کر سکتے ہیں۔

## ہفتہ وار آرام

آپ **ہر ہفتے ایک دن کی چھٹی کے حقدار** ہیں، جو عام طور پر اتوار کی ہوتی ہے» (آرٹیکل 2109 سول کوڈ)۔

براہِ کرم نوٹ کریں: نابالغوں کو ترجیحاً لگاتار اور اتوار کو شامل کرتے ہوئے ہفتے میں کم از کم دو دن کی چھٹی کا حق حاصل ہے۔

## چھٹیاں، بیماری اور چوٹ

آپ سال میں کم از کم ٤ ہفتوں کی تنخواہ کے ساتھ تعطیلات کے حقدار ہیں (آرٹیکل 2109 سول کوڈ) اور بیماری کی وجہ سے تنخواہ کے ساتھ چھٹی کے بھی حقدار ہیں۔ چوٹ لگنے کی صورت میں، آجر پہلے ٤ دنوں کے لیے ادائیگی کرتا ہے اور آئی این اے آئی ایل بعد کے دنوں کی ادائیگی کرتا ہے (آرٹیکل 2110 سول کوڈ ـ)۔

## ٹریڈ یونین کے حقوق

آپ کو مزدوروں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے **ٹریڈ یونین تنظیم میں شامل ہونے** کا حق حاصل ہے۔ یونین آپ کی نمائندگی کرتی ہے، ملازمت کی جگہ پر آپ کے مفادات کا دفاع کرتی ہے۔

| | |
|---|---|
| **ہڑتال** | آپ کو ہڑتال کرنے کا حق حاصل ہے، جیسے کہ کام **سے اجتماعی غیر حاضری۔** اس کا مطلب یہ ہے کہ کام کے حالات اور کارکنوں کے مفادات کے بارے میں مظاہرہ اور بیداری پیدا کرنے کے لیے کام پر نہ جانا۔ ہڑتال کے اوقات بلا معاوضہ ہیں (L. 1990/146)۔ |
| **مطالعہ اور کام** | اگر آپ کام کرتے ہیں اور تعلیم بھی حاصل کرتے ہیں، تو آپ کام کی ان شفٹوں کے حقدار ہیں جو کلاسوں اور امتحان کی تیاری کے ساتھ مطابقت رکھتی ہیں (L. 1970/300)۔ |
| **زچگی اور ولدیت** | اگر آپ حاملہ ہیں، تو **حمل کے آغاز سے لے کر بچے کی پیدائش کے ایک سال بعد تک آپ کو برخاست نہیں کیا جا سکتا۔** آپ **زچگی کی چھٹی** کے حقدار ہیں (کام سے لازمی غیر حاضری کی ادائیگی کی مدت)۔ والدین بچوں کی **دیکھ بھال کے لیے اختیاری غیر حاضری کی مدت** کے حقدار ہیں۔ |
| **مردوں اور عورتوں کے ساتھ یکساں سلوک** | خواتین بھی کارکنوں کے مساوی حقوق کی حقدار ہیں اور صنفی بنیادوں پر کسی **قسم کے امتیازی سلوک کی اجازت نہیں ہے** (آرٹیکل ۳۷ آئین)۔ |

# 10. کنٹریکٹ کے بغیر کام کرنے کے خطرات

**کنٹریکٹ کے بغیر نوکری کے خطرات سے آگاہ رہیں!!!**

اسے بعض اوقات **غیر اعلانیہ**، پوشیدہ، یا بے قاعدہ ملازمت بھی کہا جاتا ہے۔ یہ بغیر کسی معاہدے کے روزگار کا ایسا تعلق ہے جس کے تحت آجر Centro per l'impiego کو ملازم کی ملازمت کے بارے میں مطلع کرنے میں ناکام رہا ہے۔ غیر اعلانیہ کام کوئی بھی سماجی تحفظ یا انشورنس کی ضمانت فراہم نہیں کرتا ہے۔

← اس کا مطلب یہ ہے کہ **اگر آپ غیر قانونی طور پر کام کرتے ہیں، تو آپ کو ان حقوق کی ضمانت نہیں دی جاتی جن کے بارے میں آپ نے ابھی پڑھا ہے!**

← اس کا مطلب یہ ہے کہ غیر اعلانیہ کام **اکثر استحصال، حقوق کی خلاف ورزی اور بعض اوقات اپنے لیے خطرہ کا سبب ہوتا ہے۔**

اس کی **غیر قانونی حیثیت** کی بنیاد پر، آجر کو جرمانے کیے جاتے ہیں۔

!!! اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ **ایک غیر قانونی ملازمت کے تسلسل میں ہیں** اور اس سے نکلنا چاہتے ہیں (یا آپ کسی کو جانتے ہیں جو اس طرح کی صورت حال میں ہے) تو اس شخص سے بات کریں جس پر آپ اعتماد کرتے ہیں اور ورکر ایڈووکیسی ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں۔


کسی بھی **غیر اعلانیہ کام یا مزدور کے استحصال** کی رپورٹ درج ذیل اداروں کی قریب ترین شاخ میں رپورٹ کریں:

- Ispettorato del Lavoro (لیبر انسپکٹوریٹ): https://www.ispettorato.gov.it/
- La Guardia di Finanza :https://www.gdf.gov.it/
- ایک ٹریڈ یونین، مثال کے طور پر؛ سی جی آئی ایل (Confederazione generale italiana del lavoro)، سی آئی سی ایل (Confederazione italiana sindacati lavoratori)، یو آئی ایل (Unione italiana del lavoro) اور یو جی ایل (Unione generale del lavoro)۔

# 11. مساوی مواقع اور عدم امتیاز کا اصول

کام یا روزمرہ کی زندگی میں کوئی بھی آپ کے ساتھ صرف اس لیے مختلف سلوک نہیں کر سکتا کہ آپ ایک مختلف ملک سے آئے ہیں۔

اٹلی میں، روز گار کے حوالے سے **کسی بھی طرح کا امتیازی سلوک ممنوع ہے**؛ عمر، قومیت، مذہب، زبان، جنس، صنف، جنسی رجحان، معذوری، سیاسی یا ذاتی آراء، ایک نسلی اقلیت کی رکنیت، سماجی یا معاشی حالات، ایک ٹریڈ یونین کی رکنیت رکھنے یا نہ رکھنے وغیرہ کی بنیاد پر۔




اگر آپ امتیازی سلوک کے شکار ہوئے ہیں یا اس کے گواہ ہیں تو آپ کئی چیزیں کر سکتے ہیں۔ سب سے پہلے، **آپ اپنا کیس عدالت میں لے جا سکتے ہیں یا کسی ایسوسی ایشن سے رابطہ کریں جو آپ کے حقوق کا دفاع کرنے کا کام کرتی ہے۔**

مندرجہ ذیل معلومات حاصل کرنے کے دیگر مختلف ذرائع اور وجود ہیں جن سے آپ رابطہ کر سکتے ہیں۔

اٹلی میں، لوگوں کو امتیازی سلوک کی مختلف اقسام سے محفوظ رکھنے کے لیے کئی قومی تنظیمیں موجود ہیں اور ضرورت پڑنے پر ٹول فری نمبروں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

**یو این اے آر ۔ اٹلی میں انسدادِ نسلی امتیاز کا دفتر،the
:Ufficio Nazionale Antidiscriminazioni Razziali
www.unar.it**

یہ ریاست کی طرف نامزد کردہ شعبہ ہے جس کا کام مساوی سلوک کے حق اور نسلی اصل کی بناء پر امتیازی سلوک کے خاتمے کو یقینی بنانا ہوتا ہے۔

**800.90.10.10**

**انسدادِ تشدد اور تعاقب کے لیے نمبر: www.1522.eu**

یہ ایک ایسی مفت سہولت ہے جو دن کے 24 گھنٹے دستیاب ہے اور خصوصی آپریٹرز فراہم کرتی ہے جو تشدد اور تعاقب کے شکار لوگوں کے لیے مدد اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔

**1522**

**www.azzurro.it : Telefono Azzurro**

یہ ادارہ بچوں اور نوجوانوں کے حقوق کو فروغ دیتا ہے اور ان کو ایسی بدسلوکی اور تشدد سے محفوظ رکھتا ہے جو ان کے فلاح و بہبود اور ترقی روک سکتے ہیں۔

**1.96.96**

**اٹلی کے بچوں اور نوجوانوں کا حفاظتی ادارہ،
:Autorità garante dell'infanzia e dell'adolescenza
www.garanteinfanzia.org**

یہ تنظیم اٹلی میں بچوں کے حقوق پر یو این (اقوام متحدہ) کے کنونشن 1989 کی طرف سے بچوں کو دیے گئے حقوق کے فروغ اور اس کے نفاذ کی تصدیق کرتا ہے۔

## کیا آپ کو کسی ماہر سے بات کرنے کی ضرورت ہے؟ HERE4U سے رابطہ کریں!

**Here4U** اکیلے غیر ملکی بچوں اور نوجوان مہاجرین کو **قانونی اور نفسیاتی و سماجی مشورے** کی پیشکش کرتا ہے۔ اسے اے آر سی آئی کے تعاون سے یونیسف کے پلیٹ فارم U-Report On the Move کی طرف سے چلایا جاتا ہے۔

- یہ ایک آن لائن، **کئی زبانوں میں دستیاب سروس** ہے
- یہ پیر سے **جمعہ صبح 9:00 بجے سے شام 6:00 بجے تک** دستیاب ہوتی ہے
- بس **فیس بک میسنجر -واٹس ایپ - ٹیلی گرام پرU-Report On The Move کے** صفحے کو ایک پیغام بھیجو

یہ ایک **محفوظ سننے کی جگہ ہے جہاں تم اپنی مشکلات اور پریشانیوں کا اظہار کر کے مدد مانگ** سکتے ہو۔ ایک قانونی اور نفسیاتی و سماجی ماہرین کی ٹیم، ماہر زبان - ثقافتی ثالث کے ساتھ مل کر تمہاری ضرورتوں کے حساب سے معاونت اور مدد کی پیشکش کرتی ہے۔

/U-Report On The Move: https://onthemove.ureport.in/join

# 12. مزید معلومات کے لیے ویب سائٹ

- **Ministero del Lavoro e delle Politiche Sociali**
(وزارت برائے مشقت اور سماجی حکمتِ عملی):
/http://www.lavoro.gov.it

- **Clic Lavoro**، Ministero del Lavoro e delle Politiche Sociali کی معاونت کردہ ایک ویب سائٹ ہے جہاں پر آپ کام اور تربیت کے کورسز متعلق مفید معلومات پا سکتے ہیں:
/https://www.cliclavoro.gov.it

- **Scuola in Chiaro**، وزارتِ تعلیم کی ویب سائٹ ہے، جو آپ کو اپنے قریب ترین سکولوں سمیت سی پی آئی اے اور Centri di Formazione Professionale (پیشہ ورانہ تربیتی مراکز) کو تلاش کرنے کی سہولت دیتا ہے۔:
/https://cercalatuascuola.istruzione.it/cercalatuascuola

- مشقت اور سماجی پالیسیوں کی وزارت کی ویب سائٹ پر بین الاقوامی یا عارضی تحفظ کے مستحقین کے لیے یونیورسٹی اسکالر شپس کی فہرست:
https://integrazionemigranti.gov.it/it-it/Dettaglio-approfondimento/id/36/Borse-di-studio-universitarie-per-beneficiari-di-protezione-internazionale-o-temporanea

- مشقت اور سماجی پالیسیوں کی وزارت کی ویب سائٹ پر **Cerca sportello**:
/https://servizi.lavoro.gov.it/cerca-sportello

- **Informagiovani** + اس شہر کا نام جہاں آپ رہائش پذیر ہوں: اپنی رہائش کے شہر کی Informagiovani ویب سائٹ پر جا کر آپ تربیت، رضاکاری، ملازمت کے مواقع اور فارغ اوقات کی سرگرمیوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

- **The Integrazione Migranti portal:**
https://integrazionemigranti.gov.it/it-it/

- **Excelsior**، روزگار کے لیے اور اٹلی کی یونین آف چیمبر آف کامرس اور اے این پی اے ایل کی طرف سے فراہم کی گئی معلومات کا نظام ہے۔ اس ویب سائٹ پر آپ کو سب سے زیادہ مطلوب پیشوں اور ملازم ڈھونڈنے میں مشکل کی شکار صنعتوں کے بارے مین تازہ ترین اعداد و شمار مل سکتے ہیں:
https://excelsior.unioncamere.net/

- آئی این اے آئی ایل، Istituto Nazionale Assicurazione Infortuni sul Lavoro (اٹلی کا وہ ادار ہ جو کام پر حادثہ کی انشورنس دیتی ہے):
www.inail.it

- **INPS**, Istituto Nazionale Previdenza Sociale (اٹلی کا سوشل سیکیورٹی انسٹیٹیوٹ) "Home" ➔ "Categorie di Utenza" ➔ "Lavoratori migranti" پر جائیں۔ آپ اپنے حقوق، انشورنش اور سوشل سیکیورٹی سے متعلق معلومات یہاں حاصل کر سکتے ہیں: www.inps.it

- **Ispettorato del Lavoro** (لیبر انسپکٹوریٹ):
https://www.ispettorato.gov.it/

- **Juma Map**، یہ پناہ کے متلاشی اور بین الاقوامی حفاظت رکھنے والوں کے لیے ایک ملک گیر نقشہ سازی ہے، اور یہ 15 زبانوں میں موجود ہے:
https://www.jumamap.it/

- **U-Report on the Move**: یہ ( فیس بک، انسٹا گرام اور ٹیلی گرام پر) ایک مفت اور گمنام پیغام رسانی کا ٹول ہے جو اٹلی میں اکیلے غیر ملکی بچوں اور نوجوان مہاجرین اور پناہ گزینوں کو مفید خدمات کے بارے میں کثیر زبانوں مین معلومات پیش کرتا ہے۔ یہ آپ کو سروے کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کرنے میں مدد کرتی ہے اور آپ کو سماجی تفریحی سرگرمیوں کا حصہ بننے میں مدد دیتی ہے:
https://onthemove.ureport.in/

# ضمیمہ 1
# «Europass» Curriculum Vitae

## Curriculum Vitae Europass کو کیسے پُر کریں۔

کام کی تاریخ

• ان کرداروں پر توجہ مرکوز کریں جو آپ کی درخواست کو اضافی اہمیت دیتے ہیں۔
ہر کام کے لیے الگ الگ شعبے داخل کریں۔ جو ابھی کیا ہے اس سے شروع کریں۔
• اگر آپ کا پیشہ ورانہ تجربہ کم ہے:
• اپنی تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کی فہرست سے شروع کریں۔ رضاکارانہ کام یا انٹرن شپ کا تذکرہ کریں (چاہے معاوضہ پر یا بلا معاوضہ) جو آپ کے کام کے تجربے کا ثبوت دیتا ہو۔
• اگر آپ کے پاس درخواست کردہ کردار کے حوالے سے مخصوص پیشہ وارانہ تجربہ نہیں ہے، تو اس کردار سے متعلقہ مہارتوں پر زور دیں جو آپ نے دیگر سیاق و سباق میں حاصل کی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ انتظامی نوکری کے لیے درخواست دے رہے ہیں لیکن آپ نے پہلے کبھی مینیجر کے طور پر کام نہیں کیا، تو اس بات پر زور دیں کہ آپ کی پچھلی پوزیشن میں اہم ذمہ داریاں اور فیصلہ کرنے کے فرائض شامل ہیں (وفد، تعاون، عملے کی تربیت وغیرہ)۔

---

تاریخوں کے ساتھ بدلیں (سے ۔ تک)

مثال:

ستمبر 2007 - آج

پیشے یا رکھے گئے عہدے سے تبدیل کریں

مثالیں:

مرمتی کاریگر/ استقبالی/ آئس ہاکی کا رضاکار کوچ

آجر کے نام اور مقام سے تبدیل کریں (اگر متعلقہ ہو تو مکمل پتہ اور ویب سائٹ شامل کریں)

مثال:

Alma Mater Studiorum, Via Zamboni 37, 40126 Bologna

اگر ضرورت ہو تو صرف ٹیلی فون، فیکس، ای میل یا انٹرنیٹ کا پتہ دیں۔

ٹیلیفون:: 5000 372 339 39+ ای میل:
info@almamater.com - http://www.almamater.com

اہم کاموں اور فرائض سے بدلیں
مثالیں:
• کمپیوٹر کی مرمت
• سپلائر کے ساتھ تعلقات
• جونیئر آئس ہاکی ٹیم کی کو چنگ (10 گھنٹے فی ہفتہ)
اگر ضروری ہو تو، اپنی ذمہ داریوں کو مقداری شکل دیں (فیصدی کام، انفرادی کاموں کی مدت وغیرہ)۔
کاروبار یا شعبہ: کمپنی یا شعبے کی قسم کے ساتھ تبدیل کریں
اگر ضرورت ہو تو صرف اس جگہ کا استعمال کریں.
مثالیں:
کمپنی یا شعبہ: ٹرانسپورٹ اور لاجسٹکس/آڈیٹنگ/موٹر گاڑی کے پرزے بنانے والا

---

## تعلیم اور تربیت

تاریخوں کے ساتھ بدلیں (سے ۔ تک)
مثال:
ستمبر 2004 - جون 2007

ہر کورس کے لیے علیٰحدہ اندراجات داخل کریں۔ جو ابھی کیا ہے اس سے شروع کریں۔
تاریخوں سے تبدیل کریں (سے ۔ تک)۔ عطا کردہ اہلیتوں کے ساتھ تبدیل کریں۔
پیشہ ور آپریٹر سرٹیفکیشن: نان بائی
صرف مخففات (اے کیو او پی) استعمال کرنے سے گریز کریں۔
تعلیمی یا تربیتی ادارے کے نام اور مقام کے ساتھ بدل دیں (اگر متعلقہ ہو تو ملک بھی)
مثالیں:
Centro di Formazione Professionale Guglielmo Marconi, Bologna

بنیادی مضامین یا حاصل کردہ مہارتوں کی فہرست سے تبدیل کریں۔
مثالیں:
عام
• انگریزی، ویلش، ریاضی، ہسپانوی
• جسمانی تعلیم
پیشہ وارانہ

• پیشہ ورانہ تکنیک (معیاری روٹی، فینسی روٹی، کیک اور میٹھا بنانا)
• اپلائیڈ فوڈ سائنسز اور ٹیکنالوجی (مائیکرو بائیو لوجی، بائیو کیمسٹری، حفظان صحت)
پیشہ ورانہ ٹیکنالوجی (بنیادی اصول، حفظان صحت اور حفاظت)
• شعبے اور اس کے مالی، قانونی اور سماجی تناظر کا علم

ان پیشہ ورانہ مہارتوں پر توجہ مرکوز کریں جو کمپنی کے لیے ایک اثاثہ ہوں گی اگر آپ کو ملازمت پر رکھا جائے۔

---

ذاتی مہارتیں

خالی چھوڑی ہوئی کسی بھی جگہ کو ہٹا دیں۔
مادری زبان (زبانیں) مادری زبان (زبانیں) سے بدلیں
مثال:

مادری زبان/زبانیں

اطالوی
اپنی درجے کو ضرورت سے زیادہ نہ بتائیں جس کا انٹرویو میں تجربہ کیا جائے گا!

---

دوسری زبانیں

فہم - بولنا - لکھنا
سننا - پڑھنا - تعامل - بولنا

مثال:
C1
مثال
:B2

زبان بدل دیں۔
مثال:
انگریزی

حاصل کردہ زبان کے سرٹیفیکیشن کے ساتھ تبدیل کریں۔
درجہ داخل کریں، اگر معلوم ہو۔
مثال:
Certificado de Español: Lengua y Uso

درجے: 2/A1: شروع کرنے والے - 2/B1 درمیانی- 2/C1 آگے
زبانوں کے لیے مشترکہ یورپی فریم ورک آف ریفرنس

اپنی ذاتی صلاحیتوں کو بیان کرتے وقت:
• سیدھی زبان کے ساتھ واضح، سادہ الفاظ استعمال کریں۔

• عامیانہ زبان اور گھسے پٹے الفاظ کے استعمال سے گریز کریں (مثال کے طور پر: میں ایک کھلاڑی ہوں) وہ سیاق و سباق فراہم کیے بغیر جس میں یہ کسی ہنر یا حصول پر لاگو ہو سکتا ہے۔
• مختصر رہیں: یہ سوچنے کے لیے وقت نکالیں کہ آپ جس پوزیشن کے لیے درخواست دے رہے ہیں اس کے لیے کون سی مہارتیں متعلقہ ہیں
• اس بات کی وضاحت کریں کہ آپ کی مہارتیں کیسے حاصل کی گئی ہیں (تربیت، کام، سیمینار، رضاکارانہ یا آپ کے فارغ وقت میں انجام دی جانے والی سرگرمیوں وغیرہ کے ذریعے)۔

---

## بات چیت کی مہارتیں

اپنی بات چیت کی مہارتیں یہاں داخل کریں۔ اس سیاق و سباق کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔

مثالیں:

• سیلز کے سربراہ کے طور پر گزارے گئے وقت کے دوران اچھی بات چیت کی مہارتیں حاصل کی گئیں ۔
• آئس ہاکی کوچ کے طور پر رضاکارانہ خدمات سر انجام دینے کے دوران میری بچوں کے ساتھ حاصل کردہ شاندار باہمی شخصی مہارتیں

---

## انتظامی اور تنظیمی مہارتیں

اپنی انتظامی اور تنظیمی مہارتیں یہاں داخل کریں۔ اس سیاق و سباق کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔

مثالیں:

• قیادت (فی الحال 10 افراد کی ٹیم کے لیے ذمہ دار)
• ہسٹری سوسائٹی کے سیکرٹری کے طور پر کام کرنے کے اپنے تجربے کے دوران اچھی تنظیمی مہارتیں حاصل کیں۔ مقررین کی بکنگ اور تقریبات کے فروغ کا ذمہ دار
• ایک آئس ہاکی کوچ کی حیثیت سے رضاکارانہ خدمات انجام دینے کے دوران حاصل کی گئی اچھی ٹیم کی رہنمائی کی مہارتیں

پیشہ وارانہ مہارتیں

اپنی پیشہ ورانہ مہارتیں داخل کریں جن کا یہاں کہیں اور اشارہ نہیں دیا گیا ہے۔ اس پس منظر کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔

مثالیں:

• معیار کے کنٹرول کے عوامل کی اچھی دسترس (فی الحال کوالٹی کنٹرول کے لیے ذمہ دار)

• راہنمائی کی مہارتیں (ایک سینئر نرس کے طور پر، میں نرسنگ اسٹاف کے نئے اراکین کی تربیت اور تنظیم کے لیے ذمہ دار تھا)

---

کمپیوٹر کی مہارتیں

خود احتسابی

انفارمیشن پروسسنگ

مثال:

بنیادی صارف

بات چیت

مثال :

درمیانی صارف

مواد کی تخلیق

مثال :

درمیانی صارف

سلامتی

مثال:

اعلیٰ درجے کا صارف

مسئلہ حل کرنا

مثال:

اعلیٰ درجے کا صارف

درجے: بنیادی صارف - انٹرمیڈیٹ صارف - اعلی درجے کا صارف
کمپیوٹر کی مہارتیں - خود احتسابی شیٹ

اپنے آئی سی ٹی سرٹیفکیٹ کا نام داخل کریں۔
مثال:
سرٹیفکیٹ کی حیثیت: آفس سویٹ - خودمختار صارف

کمپیوٹر کی کوئی دوسری مہارت یہاں داخل کریں۔ اس پس منظر کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔

مثالیں:
- آفس سویٹ پر اچھی دسترس (ورڈ پروسیسنگ، اسپ ریڈ شیٹس، پریزینٹیشن سافٹ ویئر)
- ایک شوقیہ فوٹوگرافر کے طور پر ڈیجیٹل امیج پروسیسنگ سافٹ ویئر کی اچھی مہارت

---

## دوسری مہارتیں

یہاں کوئی دوسری متعلقہ مہارتیں داخل کریں۔ اس سیاق و سباق کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔
اس جگہ کو صرف اس صورت میں پُر کریں جب بیان کردہ مہارتیں آپ کی درخواست کو تقویت دینے میں اضافہ کریں اور ان کا اوپر کہیں ذکر نہ کیا گیا ہو۔ اس سیاق و سباق کی نشاندہی کریں جس میں وہ حاصل کی گئی تھیں۔
مثال:
- ابتدائی طبی امداد: میرے سکوبا ڈائیونگ کی تربیت کے حصے کے طور پر ابتدائی طبی امداد کا سرٹیفکیٹ

ذاتی دلچسپیاں جیسے پڑھنا، پیدل چلنا، سینما جانا وغیرہ کوئی اضافی تقویت نہیں دیتا۔ دوسری طرف، آپ نے جن سرگرمیوں میں حصہ لیا ہے ان کی مثالیں دینا ایک مفید بات ہو سکتی ہے، مثال کے طور پر یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ آپ ایک فعال، سماجی شخص ہیں جو دوسروں کی مدد کرنا پسند کرتا ہے:
- پڑھنا: پرجوش قاری، میں نوجوان طلباء کو ہفتے میں دو بار پڑھنے میں مدد کرتا ہوں۔
- کوہ پیمائی: ماہر کوہ پیما، مقامی کوہ پیمائی کلب کا فعال رکن

---

## ڈرائیونگ لائسنس

یہاں اپنے ڈرائیونگ لائسنس کا زمرہ داخل کریں۔
مثالیں:
B

# ضمیمہ 2 - اب آپ باری ہے!

یہ سوالنامہ مکمل کر کے دیکھیں کہ آپ نے کتابچے کو کتنی اچھی طرح سیکھا ہے۔ آپ کو صحیح جواب آخر میں ملیں گے۔

| سوالات | جوابات |
|---|---|
| 1. پیشہ وارانہ ترجیح کیوں ضروری ہے؟ ایک یا زیادہ جوابات کا انتخاب کریں۔ | a. ☐ یہ میرے علم تک رسائی اور نئی مہارتیں سیکھنے میں مدد دیتی ہے جو مجھے کام ڈھونڈنے میں مدد کریں گی<br>b. ☐ پہلے سے یہ جاننا ضروری نہیں ہے کہ میں کیا کام کرنا چاہتا/چاہتی ہوں<br>c. ☐ یہ کئی قسم کی تربیتوں کے راستے پر میری راہنمائی کرتی ہے جو کام کی دنیا تک رسائی میں مری مدد کر سکتی ہیں<br>d. ☐ یہ پیشہ وارانہ مقصد پر فیصلہ کرنے میں اور اس مقصد کو حاصل کرنے میں میری مدد کرتی |
| 2. اٹلی میں تعلیم ایک حق کے علاوہ ایک فرض بھی ہے۔. | a. ☐ درست<br>b. ☐ غلط |
| 3. اٹلی میں کام شروع کرنے کی کم سے کم قانونی عمر کیا ہے؟ | a. ☐ 14 سال<br>b. ☐ 15 سال<br>c. ☐ 16 سال<br>d. ☐ 18 سال |
| 4. اگر آپ ایک تین سالہ Istruzione e Formazione Professionale یا ایل ای ایف پی (پیشہ ورانہ تعلیم اور تربیت کا راستہ) مکمل کرنے کا انتخاب کریں گے تو آپ کیا تعلیم حاصل کریں گے؟ | a. ☐ Qualifica professionale (پیشہ وارانہ تعلیم)<br>b. ☐ Diploma professionale (پیشہ وارانہ ڈپلوما) |
| 5. ایک ”انٹرن شپ“ اس وقت ”غیر نصابی“ ہوتی ہے جب ایک کورس کی پڑھائی مکمل ہو جاتی ہے۔ . | a. ☐ درست<br>b. ☐ غلط |
| 6. جب آپ کو borsa lavoro (کام کے لیے وظیفہ) سے نوازا جائے گا، تب آپ کو تنخواہ اور کام کا تجربہ مل سکے گا: | a. ☐ کمپنی کی طرف سے<br>b. ☐ فروغ دینے والے کی طرف سے (علاقہ، صوبہ، بلدیہ وغیرہ) |

| | | |
|---|---|---|
| 7. | ایک اپرنٹس شپ ملازمت کا ایک معاہدہ ہے جس میں تربیت پر زور دیا جا تا ہے۔ | a. ☐ درست<br>b. ☐ غلط |
| 8. | ایک سول سروس میں درخواست گذاری کے کیا تقاضے ہیں؟<br>ایک یا زیادہ جوابات کا انتخاب کریں۔ | a. ☐ صرف اٹلی کے شہری درخواست دے سکتے ہیں<br>b. ☐ مجھے درست رہائشی اجازت نامہ کی ضرورت ہے<br>c. ☐ میرا مجرمانہ ریکارڈ نہیں ہو نا چاہیے<br>d. ☐ میری عمر 16 سے 22 سال کے درمیان ہو نی چاہیے<br>e. ☐ میری عمر 18 سے 28 سال کے درمیان ہو نی چاہیے |
| 9. | attestato di HACCP (ایچ اے سی سی پی سرٹیفیکیٹ) کیا ہے؟ | a. ☐ یہ ہر اس کے لیے ایک لازمی سرٹیفیکیٹ ہے جو ثقافتی ثالث بننا چاہتے ہیں<br>b. ☐ یہ ہر اس فرد کے لیے ایک لازمی سرٹیفیکیٹ ہے جو خوراک کے شعبے میں کام کر نا چاہتے ہیں |
| 10. | او ایس ایس کیا ہے؟ | a. ☐ ایک صحت اور سماجی دیکھ بھال فراہم کنندہ ہوتا ہے جو ان لوگوں کی دیکھ بھال کرتا ہے جو اپنا خیال خود نہیں رکھ سکتے<br>b. ☐ استقبالیہ نظام میں ایک آپریٹر |
| 11. | اٹلی میں کام کی دنیا میں داخل ہو نے کے لیے اطالوی زبان میں بات کرنے کی صلاحیت ہونا ضروری ہے۔ | a. ☐ درست، یہ ایک ضرورت ہے<br>b. ☐ غلط ، یہ ایک ضرورت نہیں ہے، لیکن بہت اہم ہے |
| 12. | Dichiarazione di Immediata Disponibilità al lavoro یا ڈی ای ڈی (کام کے لیے فوری دستیابی کا بیان) کس لیے ہے؟ | a. ☐ یہ بیان کرنے کا ایک طریقہ ہے کہ میں کام کی تلاش میں ہوں اور فوری طور پر کام شروع کرنے کے لیے دستیاب ہوں<br>b. ☐ یہ Licenza Media (مڈل اسکول سرٹیفیکیٹ) کو حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے<br>c. ☐ مالیاتی کوڈ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے |
| 13. | Piano Educativo Individualizzato یا پی ای آئی (انفرادی تعلیمی منصوبہ) وہ دستاویز ہے جو آپ کی مخصوص ضرورتوں کی بنیاد پر تربیتی راستے کے مقاصد طے کر تی ہے جس کی آپ پیروی کر رہے ہوتے ہیں۔ | a. ☐ درست<br>b. ☐ غلط |

14. شخصی مہارتیں کیا ہیں؟

- a. ☐ بنیادی مہارتیں جیسے کے پڑھنا اور لکھنا
- b. ☐ تکنیکی مہارت جو کچھ پیشوں کے لیے مخصوص ہیں
- c. ☐ سماجی اور جذباتی مہارتیں اور صلاحیتیں کام کے ہر میدان میں فائدہ مند ہیں

15. مہارتوں کا اندازہ لگانا کیوں ضروری ہے؟

- a. ☐ یہ مجھے پہلے سے موجود علمیت کو جائزہ لینے میں مدد دیتی ہیں
- b. ☐ یہ مجھے سمجھنے میں مدد کرتی ہیں کہ مجھے کون سی مہارت سیکھنے یا بہتر کرنے کی ضرورت ہے
- c. ☐ دونوں جواب درست ہیں

16. اگر آپ کام سے ایک ہڑتال میں حصہ لیں، تو آپ کا آجر آپ کو کام سے نکال سکتے ہیں۔

- a. ☐ درست
- b. ☐ غلط

17. کیا آپ ایک ہی وقت میں پڑھائی اور کام کر سکتے ہیں؟

- a. ☐ نہیں، جب آپ کام شروع کرتے ہیں تو، آپ مزید نہیں پڑھ سکتے
- b. ☐ جی، ہر ملازم جو پڑھائی میں مصروف ہے انہیں کام کی ان شفٹوں کا حق ہے جو ان کی جماعتوں اور امتحانات سے مطابقت رکھتی ہوں

18. اٹلی میں، کام کی جگہ میں کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک قانون کے خلاف ہے، اور امتیازی سلوک کے شکار اپنا کیس عدالت میں لے جا سکتے ہیں۔

- a. ☐ درست
- b. ☐ غلط

## اب ہمارے پاس آپ کے لیے ایک آخری سوال ہے!

1 سے 5 کے پیما نے پر، آپ کی پیشہ وارانہ واقفیت کے لئے یہ کتابچہ کتنا مفید رہا؟

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 5 | 4 | 3 | 2 | 1 |



| درست جوابات | |
|---|---|
| 1. | a. - c. - d. |
| 2. | a. |
| 3. | c. |
| 4. | a. |
| 5. | a. |
| 6. | b. |
| 7. | a. |
| 8. | b. - c. - e. |
| 9. | b. |
| 10. | a. |
| 11. | b. |
| 12. | a. |
| 13. | a. |
| 14. | c. |
| 15. | c. |
| 16. | b. |
| 17. | b. |
| 18. | a. |

# نوٹس

unicef
per ogni bambino

Finanziato
dall'Unione Europea

UNICEF Europe and Central Asia
Regional Office - Italy Outpost
Via Palestro 68, 00185 Rome Italy
Telephone: +39.06.478091
www.unicef.org/eca/

©UNICEF, 2024